★★★ پاک سرزمین کا نظام ..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED DAILY QUWAT LAHORE

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض لاہور

روزنامہ قوت

ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | منگل 14 جمادی الثانی 1446ھ 17 دسمبر 2024ء 31 مگھر 2081ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 62

اللہ ایک ہے تم فرماؤ وہ اللہ ہے وہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی (سورۃ اخلاص) (قرآنی آیات اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا احترام ہم سب پر لازم ہے۔

دو روزہ چین مضبوط باہمی تعلقات برقی گیلئے مشترکہ عزم کا حقیقی عکاس ہے، نواز شریف

چینی کمپنیوں نے نہایت مثبت ردعمل دیا، کچھ کمپنیوں کے ساتھ بات چیت کو آگے بڑھا رہے ہیں، چین کی ترقی کرتی ہوئی صنعت قابل تقلید ہے

صدر شی جن پنگ کی مدبرانہ قیادت کو سلام پیش کرتی ہوں، چینی عوام عسکری طاقت کے ذریعے نہیں بلکہ انسانیت کی بھلائی اور مدد سے دل جیت رہے ہیں

پنجاب کی سٹریٹیجک لوکیشن، ہنرمند افرادی قوت اور کاروبار دوست پالیسی اسے عالمی کاروبار کے لیے ایک مثالی مقام بناتی ہیں، چینی شراکت داروں کے ساتھ گیمین ازمی کو مزید سستا اور قابل رسائی بنانے کیلئے اقدامات کو آگے بڑھا رہے ہیں

دورہ چین پنجاب کیلئے تاریخ کا ایک اہم موڑ ہے، پنجاب انویسٹمنٹ کانفرس ایک بڑی کامیابی ثابت ہوگی، وزیراعلیٰ کا چین میں پنجاب انویسٹمنٹ کانفرس سے خطاب



صدر آصف زرداری دوطرفہ اور کثیر الجہتی تعاون پر تبصرے، چین۔ عجز ہند علاقائی فورم سے ویڈیو خطاب کر رہے ہیں

لاہور (سمیعہ فیاض) وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ دورہ چین مضبوط باہمی تعلقات اور ترقی کیلئے مشترکہ عزم کا عکاس ہے، ایڈورٹائزنگ اور کمپنیوں سے تبادلہ خیال ثمر آور ہوگا، پہلا سرکاری دورہ چین کا کیا ہے، چینی قیادت کی طرف سے گرمجوشی اور شاندار مہمان نوازی کا مظاہرہ کیا گیا۔ چین میں پنجاب انویسٹمنٹ کانفرس سے خطاب

باقی خبر صفحہ 7 نمبر 1

وزیراعلیٰ پنجاب دورہ چین مکمل کر کے لاہور پہنچ گئیں

مریم نواز نے انتہائی مصروف وقت گزارا، کے دوران متعدد اہم ایوپر دستخط ہوئے

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف دورہ چین مکمل کر کے لاہور پہنچ گئیں، مریم نواز کے دورے کے دوران متعدد اہم ایوپر دستخط ہوئے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز آٹھ روزکا دورہ مکمل کر کے لاہور پہنچ گئیں، سینیٹر

باقی خبر صفحہ 7 نمبر 2

اسٹاک ایکسچینج میں ہفتے کا زبردست آغاز، انڈیکس ایک لاکھ 15 ہزار پوائنٹس عبور کر گیا

کاروباری ہفتے کے پہلے ہی دن گزشتہ ہفتوں سے جاری تیزی کا رجحان غالب ہے

کراچی (این این آئی) پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں کاروباری ہفتے کا آغاز زبردست تیزی سے ہوا ہے، جس سے انڈیکس ایک لاکھ 15 ہزار پوائنٹس کی سطح عبور کر گیا۔ کاروباری ہفتے کے پہلے ہی دن گزشتہ ہفتوں سے جاری تیزی کا رجحان غالب ہے اور مارکیٹ کا آغاز 1290 پوائنٹس کی بڑی تیزی کے ساتھ ہوا، جس کے نتیجے میں کے ایس ای 100 انڈیکس بڑھ کر 115593 پوائنٹس کی سطح پر آ گیا۔ بعد ازاں انڈیکس میں 1499 پوائنٹس کی تیزی دیکھی گئی، جس سے 100 انڈیکس مزید بڑھ کر 1155800 پوائنٹس کی سطح پر پہنچ گیا۔ واضح

باقی صفحہ 3 نمبر

سٹیٹ بینک کا شرح سود میں 2 فیصد کمی کا اعلان

شرح سود میں 200 بیسس پوائنٹس کمی کی گئی ہے، مہنگائی توقع سے زیادہ تیزی سے کم ہوئی ہے اور نومبر 2024 میں عمومی مہنگائی کی شرح کم ہو کر 9.4 فیصد رہ گئی

زرمبادلہ ذخائر 12 ارب ڈالر تک پہنچ گئے، زری پالیسی کمیٹی نے 2025 میں جی ڈی پی کی نمو 5.2 سے 5.3 فیصد کے درمیان رہنے کی توقع ظاہر کی ہے، سٹیٹ بینک

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) سٹیٹ بینک آف پاکستان نے مانیٹری پالیسی کا اعلان کر دیا جس کے مطابق شرح سود میں 2 فیصد کمی کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ سٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے جاری مانیٹری پالیسی بیان کے مطابق شرح سود میں 2 فیصد کمی کی گئی جس کے بعد شرح سود 15 فیصد سے کم ہو کر 13 فیصد ہوگئی ہے۔ مانیٹری پالیسی بیان میں کہا گیا کہ شرح سود میں 200 بیسس پوائنٹس کمی کی گئی ہے، مہنگائی توقع سے زیادہ تیزی سے کم ہوئی ہے اور نومبر 2024 میں عمومی مہنگائی کی شرح کم ہو کر 9.4 فیصد رہ گئی

باقی خبر صفحہ 7 نمبر 3



پنجاب یونیورسٹی رجسٹرار آفس سینیٹر کے زیر اہتمام سیمینار کے شرکا کا گروپ فوٹو

شہدائے اے پی ایس نے قوم کو دہشتگردی کے ناسور کے خلاف متحد کیا، محسن نقوی

یہ دن ہمارے عزم کا نشان بن چکا ہے کہ ہم دہشت گردی کے خلاف لڑتے رہیں گے اے پی ایس کا ہر بچہ پرچم

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے آرمی پبلک اسکول پشاور کے شہداء کی برسی پر اپنا خصوصی پیغام جاری کیا ہے۔ محسن نقوی نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ بدترین دشمن نے 16 دسمبر کو معصوم بچوں اور بے گناہ اساتذہ کو نشانہ

باقی صفحہ 7 نمبر 4

پولیو ٹیموں پر پرتشدد حملوں کی مذمت کرتی ہوں، آصفہ بھٹو زرداری

یہ پرتشدد کارروائیاں ہیلتھ ورکرز اور سیکیورٹی اہلکاروں کے خلاف ہیں، بیان

اسلام آباد (این این آئی) رکن قومی اسمبلی پی پی آصفہ بھٹو زرداری نے ٹرک اور بنوں میں پولیو ٹیموں پر ہونے والے حملوں کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ پرتشدد کارروائیاں ہیلتھ ورکرز اور سیکیورٹی اہلکاروں کے خلاف ہیں۔ آصفہ بھٹو

باقی صفحہ 7 نمبر 5

وزیر داخلہ کا سعودی عرب کے اینٹی نارکوٹکس ہیڈ کوارٹر کا دورہ

انسداد منشیات کے لئے دوطرفہ معاونت کے تحت مزید موثر اقدامات پر اتفاق

ریاض (این این آئی) پاکستان اور سعودی عرب نے انسداد منشیات کے لئے دوطرفہ معاونت کے تحت مزید موثر اقدامات پر اتفاق کیا ہے، سعودی

باقی صفحہ 7 نمبر 6



ریاض، وزیر داخلہ محسن نقوی سعودی انٹی نارکوٹکس ہیڈ کوارٹر کا دورہ کر رہے ہیں

شیر افضل مروت، شہباز شاہین کی ہتک عزہ ضمانت کی درخواستوں پر فیصلہ محفوظ

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ڈسٹرکٹ سیشن عدالت نے پی ٹی آئی رہنما شیر افضل مروت

باقی صفحہ 7 نمبر 7

سانحہ آرمی پبلک اسکول کو 10 سال بیت گئے، زخم مندمل نہ ہو سکے

جدید الحمد سے لیس سرکاری اہلکاروں کی وردیوں میں ملبوس دہشتگردوں نے علم کی پیاس بجھانے والے طلباء پر گولیوں کی بوچھاڑ کردی

حملے میں معصوم طلباء سمیت 147 افراد شہید اور درجنوں زخمی ہوئے، سانحہ کے بعد عوام اور ریاست متحد ہوئے اور دہشت گردی کو جڑ سے اکھاڑ پھینکا

پیاس بجھانے والے معصوم بچوں کو دہشتگردی کا نشانہ بنایا، حملے میں معصوم طلباء سمیت 147 افراد شہید اور درجنوں زخمی ہوئے، سانحہ کے بعد عوام اور ریاستی ادارے متحد ہوئے اور دہشت گردی کو

باقی صفحہ 8 نمبر 8

مشرقی پاکستان کی علیحدگی، سقوط ڈھاکا کو 53 برس بیت گئے

قیام پاکستان کے 24 سال بعد آج ہی کے دن پاکستان کا مشرقی بازو ہم سے الگ ہوگیا تھا

اسلام آباد (این این آئی) مشرقی پاکستان کو علیحدہ ہوئے 53 برس بیت گئے۔ مشرقی پاکستان کو علیحدہ ہوئے کے سانحہ 16 دسمبر 1971ء کو پیش آیا

باقی صفحہ 9 نمبر

پی ٹی آئی رہنما شوکت یوسفزئی کی پارٹی میں اختلافات کی تردید

پی ٹی آئی میں نہ کوئی خوف ہے اور نہ اختلافات، کوئی علیحدگی میں نہ دے، بیرسٹر گوہر

کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے شوکت یوسفزئی نے کہا کہ پی ٹی آئی میں نہ کوئی خوف ہے اور نہ اختلافات،

باقی صفحہ 10 نمبر

افغان شہریوں کو شناختی کارڈ اجرا میں ملوث نادرا اہلکاروں کیخلاف مقدمہ درج

ملزمان عہدے کے گماشتہ سے اسسٹنٹ ڈائریکٹر، ڈپٹی اسسٹنٹ ڈائریکٹر اور ڈیٹا انٹری آپریٹر ہیں

کراچی (ایف آئی اے) انسداد انسانی اسمگلنگ سرکل نے نادرا کے دو اہلکاروں کی جس میں افغان شہریوں کو شناختی کارڈ جاری کرنے میں ملوث نادرا اہل کاروں کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا۔ وفاقی تحقیقاتی

باقی صفحہ 7 نمبر 11

حکومت اور پی ٹی آئی مذاکرات سے نکلنا کچھ نہیں، جو ڈو کرائے ہونگے، شیخ رشید

میرا سر اصف ایک آدمی سے تعلق ہے اور وہ بانی پی ٹی آئی ہے، میں بانی کسی کو نہیں جانتا، میڈیا سے گفتگو

راولپنڈی (این این آئی) عوامی مسلم لیگ کے سربراہ اور وفاقی وزیر شیخ رشید احمد نے حکومت اور پاکستان تحریک انصاف کے مذاکرات کے حوالے

باقی صفحہ 12 نمبر

جی ایچ کیو حملہ کیس، شیر مزاری سمیت 9 ملزمان پر فرد جرم عائد

عدالت نے شیریں مزاری، راشد حفیظ منیر، خادم حسین کھوکھر، ذکاء اللہ، عظیم اللہ، طاہر صادق، مہر جاوید چودھری اعصت سمیت 9 ملزمان پر فرد جرم عائد کی

پی ٹی آئی رہنما محمود قریشی، اجمل سارو اور سکندر زیب پر فرد جرم عائد ہوسکی، تینوں نے فرد جرم کی شیٹ پر دستخط کرنے سے انکار کر دیا

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) جی ایچ کیو حملہ کیس میں سابق وفاقی وزیر شیریں مزاری

باقی صفحہ 13 نمبر

اگر کسی بھی ملک کی ترقی و خوشحالی کیلئے امن واحد راستہ ہے تو اقوام متحدہ کا کردار کہاں ہے؟ اطلاعات

دنیا میں کوئی ایسا مسئلہ نہیں جو ڈائیلاگ سے حل نہ کیا جاسکے، بہت سی چیزیں بہتر کرنے کی ضرورت ہے

پاکستان ایک خوبصورت اور پرامن ملک ہے، تاریخی مقامات کے تحفظ کے لئے کام کر رہے ہیں، عطاء مارتڑ

اسلام آباد، وفاقی وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

جیمز مین وائلڈ انجی دیامیر بھاشا ڈیم کے تعمیراتی کاموں کا جائزہ لے رہے ہیں

کرم صورتحال پر بنا گرینڈ جرگہ گڑھنے کی خبریں، صوبائی حکومت کا بیان آگیا

خبریں ہے بنیاد، مسئلہ 120 سال پرانا ہے، منتقل فاتحے میں وقت لگ سکتا ہے، بیرسٹر سیف

پشاور (این این آئی) ضلع کرم میں جرگہ گڑھنے کی خبریں سامنے آنے پر مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر محمد علی سیف کا بیان سامنے آگیا ہے، جن کا

باقی صفحہ 14 نمبر

پاکستان اور ملائیشیا کے مابین قیدیوں کی منتقلی کا معاہدہ نہ طے پاسکا

پاکستانی حکام ان کو قتل کرنے میں ملوث ہیں، اس وقت 411 پاکستانی شہری ملائیشیا کی مختلف جیلوں میں قید ہیں

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کی کوششوں کے باوجود ملائیشیا کے ساتھ قیدیوں کی بین الاقوامی منتقلی کا معاہدہ نہ ہوسکا۔ ملائیشیا کے وزیر اعظم انور ابراہیم کے حالیہ ہی میں پاکستان کے دورے کے وقت بھی اس معاہدے پر پیش

باقی صفحہ 14 نمبر

چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ عامر فاروق کی عدالت کی کازلسٹ منسوخ

احتجاج سے متعلق ججز کی حکومت اور انتظامیہ کے خلاف توہین عدالت درخواست پر سماعت ہوئی تھی

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ کے چیف جسٹس عامر فاروق کی عدالت کی کازلسٹ منسوخ کر دی گئی۔ چیف جسٹس عامر فاروق کی سنگلی رکنی بنچ کی کازلسٹ منسوخ کی گئی۔ یاد رہے کہ ڈی چوک احتجاج سے متعلق

باقی صفحہ 16 نمبر

نیب کو اب احساس ہوا سابق ڈی جی شہزاد یعقوب کا تجربہ پورا نہیں؟ اسلام آباد ہائیکورٹ

شہزاد یعقوب کے خلاف تادیبی کارروائی سے روکنے کے حکم میں 29 جنوری تک توسیع

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے نیب کے سابق ڈی جی شہزاد یعقوب اور سلیم کی نیب آفیسر کے خلاف درخواست پر تادیبی کارروائی سے روکنے کے حکم میں 29 جنوری تک توسیع کردی۔ جسٹس ارباب محمد طاہر نے شہزاد یعقوب اور سلیم کی نیب آفیسر کے خلاف درخواست

باقی صفحہ 30 نمبر

اے پی ایس کے معصوم بچوں اور اساتذہ کی قربانی کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، رام کمال

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر تجارت رام کمال خان نے آرمی پبلک سکول پشاور کے شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ 16 دسمبر 2014 کا سانحہ ہمارے دلوں پر گہرا زخم ہے۔ اے پی ایس کے معصوم بچوں اور اساتذہ کی قربانی کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ ہیر کرانے بیان میں

باقی صفحہ 7 نمبر 31

انٹرنیٹ کی اسپیڈ اس طرح نہیں جس طرح ہونی چاہیے، شہزہ فاطمہ کا اعتراف

حکومت معیشت کو ڈیجیٹائز کرنے کیلئے کوشاں ہے، دنیا تیزی سے ڈیجیٹائزیشن کی طرف جارہی ہے، خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے آئی ٹی شزا فاطمہ خواجہ کا کہنا ہے کہ حکومت معیشت کو ڈیجیٹائز کرنے کے لیے کوشاں ہے۔ تقریب سے

باقی صفحہ 15 نمبر

16 دسمبر نہیں سانحہ آرمی پبلک سکول کے 144 معصوم شہداء کی قربانی کی یاد دلاتا ہے، صادق

اسلام آباد (این این آئی) پارلیمانی سیکرٹری برائے انسانی حقوق صادق خان نے کہا ہے کہ آج 16 دسمبر ہمیں سانحہ آرمی پبلک اسکول کے 144 معصوم شہداء کی قربانی کی یاد دلاتا ہے، یہ صرف ایک سانحہ نہیں، بلکہ ہمارے نظام کو یہ پیغام تھا کہ بچوں کے تحفظ اور بنیادی انسانی حقوق کی حفاظت دینا

باقی صفحہ 17 نمبر

سانحہ آرمی پبلک سکول، 16 دسمبر ہماری تاریخ کا سیاہ باب ہے، روبینہ خورشید عالم

سانحے پر اے پی ایس نے قوم کو دہشتگردی کے خلاف لڑنے کا عہد کیا، معصوم بچوں کی قربانیاں کو بھلایا نہیں جاسکتا، روبینہ خورشید عالم

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم کی معاون برائے ماحولیاتی تبدیلی روبینہ خورشید عالم نے کہا ہے کہ 16 دسمبر ہماری تاریخ کا سیاہ باب ہے۔ ہیر

باقی صفحہ 18 نمبر

سقوط ڈھاکہ اور آرمی پبلک سکول پر حملہ ناقابل فراموش سانحات ہیں، عبدالعلیم خان

پھولوں جیسی ننھی شہادتوں کے مقابلے بلند عزت موقف اختیار کرنا بڑے حوصلے کی بات ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر صنعت و تجارت عبدالعلیم خان نے کہا ہے کہ آج کا دن دہشت گردی کے خلاف لڑنے والے پاکستان پارٹی مجید نظامی

روزنامہ قوت لاہور
سٹی نیوز



وزیر خزانہ پنجاب مجتبیٰ شجاع الرحمن کابینہ کی سٹینڈنگ کمیٹی برائے امور قانون سازی و بجٹ کے 12ویں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وزیر خزانہ پنجاب مجتبیٰ شجاع الرحمان کی زیر صدارت کابینہ کی سٹینڈنگ کمیٹی برائے امور قانون سازی و بجٹ کا 12 واں اجلاس سول سیکرٹریٹ دربار ہال میں منعقد

صوبائی وزیر برائے کمیونیکیشن اینڈ ورکس اینڈ لاء ملک صہیب بھر تھ اور وزیر بلدیات ڈیشان رفیق نے بھی شرکت کی اجلاس میں 12 انکاٹی ایجنڈہ زیر بحث لایا گیا

لاہور ڈویلپمنٹ اتھارٹی ٹریبونل میں دو ایسوسی ایٹ ممبرز کی تعیناتی، پنجاب فاریسٹ ٹرانسپورٹ رولز 2023، 254 موٹر وہیکل رولز 1969 اور غیر منقولہ شہری جائیداد پر ٹیکس رولز 1958 میں ترامیم کی منظوری دی گئی

لاہور (خبر نگار) وزیر خزانہ پنجاب مجتبیٰ شجاع الرحمان کی زیر صدارت کابینہ کی سٹینڈنگ کمیٹی برائے امور قانون سازی و بجٹ کا 12 واں اجلاس آج سول سیکرٹریٹ دربار ہال میں منعقد ہوا جس میں صوبائی وزیر برائے کمیونیکیشن اینڈ ورکس اینڈ لاء ملک صہیب بھر تھ اور وزیر بلدیات ڈیشان رفیق نے شرکت کی۔ اجلاس میں 12 انکاٹی ایجنڈہ وزیر بلڈنگ اینڈ ہاؤسنگ اور ٹاؤن پلاننگ اور کوآپریٹو کے مطالبہ کو مسترد کرتے ہوئے ڈویلپمنٹ اتھارٹی ٹریبونل میں دو ایسوسی ایٹ ممبرز کی تعیناتی، پنجاب فاریسٹ ٹرانسپورٹ رولز 2023، 254 موٹر وہیکل رولز 1969 اور غیر منقولہ شہری جائیداد پر ٹیکس رولز 1958 میں ترامیم کی منظوری دیدی گئی۔ اجلاس کو بتایا گیا جس میں 12 انکاٹی ایجنڈہ وزیر بلڈنگ اینڈ ہاؤسنگ اور ٹاؤن پلاننگ اور کوآپریٹو کے مطالبہ کو مسترد کرتے ہوئے ڈویلپمنٹ اتھارٹی ٹریبونل میں دو ایسوسی ایٹ ممبرز کی تعیناتی، پنجاب فاریسٹ ڈیپو مینوئ

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
''روزنامہ قوت لاہور'' (3) 17 دسمبر 2024ء

شیخوپورہ: بوائلر دھماکے سے پھٹ گیا، 30 سالہ مزدور ریاض خان جاں بحق

جھلسنے والے سات مزدوروں میں 22 سالہ ارشد 68 سالہ ناظم علی 21 سالہ علی حسن 22 سالہ اسد علی 40 سالہ نجمبل حسین 35 سالہ عبدالرزاق اور 40 سالہ شاہد علی شامل ہیں جن کو تشویش ناک حالت کی بنا پر میو ہسپتال لاہور منتقل کر دیا گیا

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) نارووال روڈ پر ڈلہ واھگہ سٹاپ کے نزدیک ٹائروں کو جلا کر کالا تیل بنانے والی غیر قانونی فیکٹری میں بوائلر زوردار دھماکہ سے پھٹ گیا جس کے پرخچوں کی زد میں اکر تیس سالہ مزرور سجاد ریاض جاں بحق ہو گیا جبکہ سات مزدور شدید زخمی ہو گئے جن میں سے چار مزدوروں کا جسم کا زیادہ حصہ جھلس گیا ہے ضلع شیخوپورہ میں ایسی متعدد غیر قانونی فیکٹریاں چل رہی ہیں جہاں پر پرانے ٹائروں کو جلا کر کالا تیل بنا کر اسے اعلی برانڈ کے ڈبوں میں پیک کیا جاتا ہے فضائی الودگی کے تدارک کے لیے حال ہی میں چلائی جانے والی مہم کے دوران ایسی تمام فیکٹریاں کاغذی طور پر بند کر دی گئی تھی مگر عملی طور پر ایسی تمام فیکٹریاں مرید کے روڈ شرق پور روڈ سرگودھا روڈ فیصل اباد روڈ سمیت کئی مقامات پر چل رہی ہیں ایسی غیر قانونی فیکٹریوں میں رواں سال کے دوران بوائلر پھٹنے سے مزدوروں کی ہلاکت کا یہ چوتھا دل خراش واقعہ ہے ڈپٹی کمشنر شاہد عمران مارتھ کی ہدایت پر حال ہی میں ایسی تمام فیکٹریاں سربمہر کر دی گئی تھی مگر محکمہ تحفظ محولیات سمیت متعلقہ محکموں کے بعض حکام کی ملی بغض سے چوری چھپے دوبارہ ان فیکٹریوں کو چالو کر دیا گیا ہے جبکہ کاغذی طور پر یہ فیکٹریاں سربمہر ہیں ریسکیو حکام کے مطابق بوائلر پھٹنے سے جھلسنے والے سات مزدوروں میں 22 سالہ ارشد 68 سالہ ناظم علی 21 سالہ علی حسن 22 سالہ اسد علی 40 سالہ نجمبل حسین 35 سالہ عبدالرزاق اور 40 سالہ شاہد علی شامل ہیں جن کو تشویش ناک حالت کی بنا پر میو ہسپتال لاہور منتقل کر دیا گیا ہے ذرائع کے مطابق وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف نے بوائلر پھٹنے کے واقعہ کے بارے میں فوری طور پر ضلعی حکام سے رپورٹ طلب کر لی ہے اور ہدایت کی ہے کہ ضلع شیخوپورہ کی تمام فیکٹریوں کی بوائیلرز کی سالانہ اسپیکشن رپورٹس کے بارے میں فوری طور پر سی ایم سیکرٹریٹ کو آگاہ کیا جائے۔



ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ڈپٹی کمشنر شاہد محمود منٹگمری ہال میں محکمہ لائیوسٹاک کی استعداد کار اور مویشی پال حضرات کو مہیا کی جانیوالی سروسز کے متعلق تفصیلی بریفنگ لے رہے ہیں

ڈپٹی ڈائریکٹر لیبر سوشل ویلفیئر طیب ورک کی کرپشن عروج پر

فیکٹریز مالکان سے کرپشن رقوم وصولی کر رہے ہیں۔ آصف خان



سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) ڈپٹی ڈائریکٹر لیبر سوشل ویلفیئر سوسائٹی طیب ورک نے غریب محنت کشوں کا مال ہڑپنا اپنا وطیرہ بنا لیا۔ سیکرٹری لیبر پنجاب اور سیکرٹری ویلفیئر بورڈ کے نام پر ضلع بھر کی فیکٹریوں سے لاکھوں روپے ماہانہ وصولی کے انگنت انکشافات۔ دن دگنی رات چگنی کرپشن کے بے تاج بادشاہ غریبوں کا خون چوسنے میں درجہ اول پوزیشن پر فوکس لے تو کون اور کیونکر کرپشن ماسٹر کو روکے یہ سوال اپنی جگہ جواب طلب۔ ڈپٹی جنرل سیکریٹری پاکستان ورکرز فیڈریشن ناردرن پنجاب آصف خان نے میڈیا کو ڈی ڈی لیبر سوشل ویلفیئر کے بائی لاز پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ بائی لاز میں کہ 10 پرسنٹ کوٹہ کے مطابق فیکٹریز چیکنگ کی جائیگی جبکہ موصوف ڈپٹی ڈائریکٹر صبح سویرے چیکنگ ''فرائض منصبی'' کا عمل شروع کرتے رات گئے تک فیکٹریز کی چیکنگ میں مصروف عمل رہتے ہیں اور اس دوران فیکٹری مالکان کے استفسار پر انہیں یہ باور کراتے ہیں کہ سیکرٹری ورکر ویلفیئر بورڈ پنجاب اور سیکرٹری لیبر پنجاب تک حصہ جاتا ہے۔

باپ کا کوئی نعم البدل نہیں، عمر فاروق ڈار

رہنما تحریک انصاف کی محمد یونس کی وفات پر ان کے رہائش گاہ پر فاتحہ خوانی کے موقع پر گفتگو



سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنما عمر فاروق ڈار نے کہا ہے کہ باپ کا کوئی نعم البدل نہیں، مگر اس کا احساس تب ہوتا ہے جب ہم اس عظیم نعمت سے محروم ہو جاتے ہیں اس دنیا میں باپ وہ واحد شخص ہے جو چاہتا ہے کہ آپ اس سے زیادہ کامیاب ہوں۔ شفیق باپ سایہ دار شجر کی مانند ہے جس کا کوئی نعم البدل نہیں اور والدین اولاد کھلے کسی نعمت سے کم نہیں۔ پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنما عمر فاروق ڈار نے پاکستان تحریک انصاف کے سٹی صدر میاں اعجاز جاوید کے والد محترم محمد یونس کی وفات پر ان کے رہائش گاہ پر فاتحہ خوانی کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر پاکستان تحریک انصاف کے سٹی سیکرٹری اطلاعات ونشریات میاں شان علی قمر، اصغر ثاہین، احتشام شامی بھی موجود تھے۔ عمر فاروق ڈار نے کہا کہ ماں اور باپ کی یکساں طور پر خدمت کی جائے خصوصاً جب وہ بڑھاپے کی عمر میں پہنچیں تو ان کی خدمت میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہ رکھا جائے۔ میاں اعجاز جاوید نے کہا کہ میرے والد محمد یونس نہ صرف ایک عظیم اور مثالی باپ تھے بلکہ زندگی کے ہر رشتے میں بے مثال تھے۔ باپ کے سینے میں اولاد کے لیے موجزن پدرانہ شفقت، اولاد کے بہتر مستقبل کے لیے عمر بھر کی ریاضت، ان کی کی بہترین تربیت اور بحیثیت باپ اولاد کی تمام ذمہ داریوں کو پورا کرنے کی سعی۔ یہ وہ عوامل ہیں جو ایک باپ کو بہترین اور مثالی باپ کے عہدے پر فائز کرتے ہیں۔

زین علی قریشی سائبر لاء کا ایک معتبر نام ہیں، خزیفہ اشرف

عوام الناس و سلیبرٹی کیسز زین قریشی ایڈووکیٹ کیلئے ایک جیسے ہیں



سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) بطور پاکستان کے معروف وقابل سائبر کرائم وکیل زین علی قریشی ممتاز ہیں تو ایک پیشہ وارانہ سائبر کرائم ریسورس پرسن و تجزیہ کار انکی حیثیت بڑا گاہ ہے۔ ان باتوں کا اظہار خزیفہ اشرف نے سنیئر صحافیوں کیساتھ خصوصی ملاقات کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ زین علی قریشی کے ساتھ ایک بھرپور اور یادگار پوڈکاسٹ ریکارڈ کی گئی۔ ہماری گفتگو کئی اہم موضوعات کا احاطہ کرتی رہی، جن میں خصوصاً سائبر لا کے پیچیدہ معاملات اور ڈیجیٹل دور میں رہتے ہوئے اپنی حفاظت کے عملی طریقے شامل تھے۔ زین علی قریشی نے نہایت عالمانہ انداز میں یہ وضاحت کی کہ موجودہ دور میں انٹرنیٹ کے استعمال کے دوران کن خطرات سے آگاہ رہنا ضروری ہے اور ان سے بچاؤ کے لیے کن اقدامات کو اپنانا چاہیے۔ مزید برآں، گفتگو کا ایک اہم پہلو Awareness یعنی آگاہی کی اہمیت پر مرکوز رہا۔ ہم نے اس بات پر روشنی ڈالی کہ عوام کو سائبر کرائمز اور ان کے اثرات کے بارے میں شعور دینا کتنا ضروری ہے تاکہ وہ اپنی معلومات اور ذاتی زندگی کو محفوظ رکھ سکیں۔ ریکارڈنگ کے بعد، میں نے زین علی قریشی کو اپنی تصنیف ''سوچ کا سفر'' اور میرے والد گرامی، صاحبزادہ میاں اشرف عاصمی ایڈووکیٹ صاحب کی کتاب ''من کی نگری'' پیش کیں۔

رانا اعجاز جیولر کی دوکان پر چوری کی بڑی واردات

چور صرافہ بازار سے صراف کی دکان کا صفایا کر گیا



شکرگڑھ (عمران عارف سے) تھانہ سٹی حدود مین صرافہ بازار میں رانا اعجاز جیولر کی دوکان پر چوری کی بڑی واردات ہوئی، رات کی تاریکی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے نامعلوم چور صرافہ بازار سے صراف کی دکان کا صفایا کر گیا۔ متاثرہ دوکاندار کے مطابق ڈیڑھ کروڑ سے زائد مالیت کا نقصان ہوا ہے۔ واقعے کی سی سی ٹی وی فوٹیج میں چوروں کو چوری کرتے دیکھا گیا ہے۔ نامعلوم چور روشندان سے دکان کی اوپر والی منزل میں داخل ہوئے۔ چور لاکر سے سونا چاندی اور نقدی چوری کر کے با آسانی فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ چوروں نے دکان کی لائیٹ آف کر کے آرام سے دکان کا صفایا کیا۔ متاثرہ دوکاندار نے آئی جی پنجاب سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

شیخوپورہ: HED سپورٹس 2024-2025 مقابلے

گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین بھکھی نے متعدد گولڈ میڈلز جیت لئے



شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین بھکھی نے تیسرے HED سپورٹس 2024-2025 میں نمایاں کامیابی حاصل کرتے ہوئے ایتھلیٹکس کے 8 مقابلوں (سو میٹر ریس، دو سو میٹر ریس، 800 میٹر ریس، سو میٹر ہرڈل ریس، 100*4 ریلے ریس، 400*4 ریلے ریس، تھالی پھینکنے اور ٹرپل جمپ) میں گولڈ میڈل جیت لیے۔ بھکھی کالج کی طالبات نے ایتھلیٹکس کے 3 مقابلوں (لانگ جمپ، 1500 میٹر ریس، اور نیزہ پھینکنا) میں برونز میڈل حاصل کیے۔ ضلعی سطح کے ان مقابلوں میں بھکھی کالج کی طالبات نے کرکٹ اور فٹبال میں اول پوزیشن حاصل کی نیز والی بال میں دوسری پوزیشن حاصل کی۔ اب اگلے مرحلے میں ڈویژن لیول کے مقابلہ جات کے لیے یہ ہونہار طالبات ایتھلیٹکس، کرکٹ اور فٹبال کے لیے ضلع شیخوپورہ کی نمائندگی کریں گی۔ تقسیم انعامات کی تقریب میں وفاقی وزیر برائے صنعت و پیداوار جناب رانا تنویر حسین، جناب رانا طاہر اقبال ایم پی اے، سردار عرفان ڈوگر، محمود الحق صاحب اور عثمان جلیس اے ڈی سی شیخوپورہ بھی تشریف لائے، طالبات کی حوصلہ افزائی کی اور انعامات تقسیم کیے۔

صوبہ میں ترقیاتی منصوبوں کا جال بچھا دیا گیا، مشتاق اللہ بٹ

پسماندہ حلقوں پر ترجیحی بنیادوں پر ترقیاتی کام کروائے جائیں گے، رابطہ آفس میں روزانہ کی بنیاد پر حلقہ کے عوام کے مسائل سنے جاتے ہیں، رکن صوبائی اسمبلی کی ترقیاتی منصوبوں کے افتتاح کے موقع پر گفتگو



سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) رکن صوبائی اسمبلی محمد منشاء اللہ بٹ نے کہا ہے کہ صوبہ میں ترقیاتی منصوبوں کا جال بچھا دیا گیا ہے اور ایک مرتبہ پھر پنجاب میں ترقی کے ایک نئے دور کا آغاز ہونے جا رہا ہے جو گزشتہ حکومت کے دور میں صرف زبانی جمع خرچ تک محدود رہا اور عوام کی مشکلات میں اضافہ کا باعث بنا۔ یہ بات انہوں نے آج یونین کونسل بٹر کے موضع برج میں ترقیاتی منصوبوں کے افتتاح کے موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے کیا۔ ضلعی جنرل سیکرٹری مسلم لیگ ن شجاعت علی پاشا، سابق بوہی چیئرمین چودھری نثار احمد، لیاقت شاہ، محمد شہباز، عبدالحمید قاسم اور عدنان اکبر چودھری کے علاوہ کثیر تعداد اہل دیہہ بھی موجود تھے۔ محمد منشاء اللہ بٹ نے کہا کہ یوبی بٹر میں 2 کروڑ روپے کی لاگت سے ٹف ٹائلز، سیوریج، اسٹریٹ لائٹس کے متعدد منصوبوں پر کام کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پسماندہ حلقوں پر ترجیحی بنیادوں پر ترقیاتی کام کروائے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ میرے دروازے حلقہ کے عوام کیلئے کھلے ہیں رابطہ آفس میں روزانہ کی بنیاد پر حلقہ کے عوام کے مسائل سنے جاتے ہیں اور ان کے حل کیلئے اقدامات کو یقینی بنایا جاتا ہے۔ انہوں نے موقع پر موجود سب انجینئر حافظ محمد اقبال اور کنٹریکٹر کو ہدایت کی کہ وہ مقررہ ٹائم لائن کے اندر منصوبوں کی تکمیل کو یقینی بنائیں اور معیار پر سمجھوتہ نہ کیا جائے۔ محمد منشاء اللہ بٹ نے اہل دیہہ برج کی جانب سے بجلی کی لٹکتی تاروں کے اصلاح و احوال کی بابت گلیکچو کے مقامی حکام کو ہدایت کی کہ وہ بجلی کی لٹکتی تاروں کو درست کریں۔

ڈپٹی کمشنر محمد ذوالقرنین لنگڑیال کا گورنمنٹ گرلز اسلامیہ ہائی سکول میں 8 میگاواٹ کے سولر پینل سسٹم کا افتتاح

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر محمد ذوالقرنین لنگڑیال نے گورنمنٹ گرلز اسلامیہ ہائی سکول میں 8 میگاواٹ کے سولر پینل سسٹم کے افتتاح اور بچوں میں سکول یونیفارم، شوز اور تدریسی سامان کی تقسیم کیا۔ اس موقع پر ایک پروقار اور سادہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر نے طالبات پر زور دیتے ہوئے کہا کہ وہ اپنی تمام تر توجہ حصول علم پر مرکوز رکھیں اور زندگی میں کامیابی کیلئے صبر اور نظم وضبط کا دامن ہرگز نہ ہاتھ سے چھوٹنے دیں۔ انہوں نے کہا کہ اساتذہ پر زور دیا کہ وہ بچوں کو زیور تعلیم سے آراستہ کرنے کے ساتھ ساتھ ان کی کردار سازی پر خصوصی توجہ دیں تاکہ وہ پڑھ لکھ کر معاشرے کی مفید شہری ثابت ہوں اور ملک وقوم کی ترقی میں اپنا مثبت کردار ادا کر سکیں۔ ڈپٹی کمشنر نے سکولز کونسل کی جانب سے سکول میں لگائے جانے والے 8 میگاواٹ کے سولر پینل الیکٹریسٹی سسٹم کا افتتاح کیا اور 75 طالبات میں میں یونیفارم، شوز اور دیگر تدریسی سامان کی تقسیم کی۔ انہوں نے بچوں کی جانب سے پیش کئے جانے والے کلام الٰہی، نعت رسول مقبول صلی اللہ علیہ والہ وسلم ملی نغموں، بہترین ٹیبلو پرفارمنس اور نظم وضبط کے مظاہرہ پر طالبات اور اساتذہ کی کاوش کو سراہا۔

شیخوپورہ: ٹیوٹا ہائی ایس اور موٹر سائیکل میں تصادم، شہری ہلاک

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) ٹیوٹا ہائی ایس اور موٹر سائیکل میں تصادم کے نتیجہ میں لاہور روڈ باوے دا کٹیا کے قریب پیش آنیوالے حادثہ میں گزشتہ روز جان بحق ہونے والے شخص کی شناخت 50 سالہ سہیل ولد طفیل کے نام سے ہوئی ہے جو ای کمیونٹی کا رہائشی بتایا گیا ہے۔

عوامی لائرز فورم کے منشور برائے الیکشن ڈسٹرکٹ بار چنیوٹ سال 2025 کو سراہتے ہیں، چوہدری تصدق حسین کولی چدھڑ

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پروفیشنل لائرز فورم PLF چنیوٹ اور امیدوار برائے جنرل سیکرٹری ڈسٹرکٹ بار چنیوٹ چوہدری تصدق حسین کولی چدھڑ، عوامی لائرز فورم کے منشور برائے الیکشن ڈسٹرکٹ بار چنیوٹ سال 2025 کو سراہتے ہیں اور چوہدری تصدق حسین کولی چدھڑ عوامی لائرز فورم کے دیئے گئے منشور کو اپنے ایجنڈا کا حصہ قرار دیتے ہیں انکا مزید کہنا ہے کہ عوامی لائرز فورم چنیوٹ کا پیش کردہ منشور ماضی میں ڈسٹرکٹ بار چنیوٹ کی روایت تھی اگر اللہ کریم نے مجھے اقتدار بخشا تو انشاء اللہ منتخب ہونے کے بعد اقتدار کا حصہ بن کر دوبارہ ان روایات کو بحال کرونگا۔

ڈسٹرکٹ سپورٹس ایسوسی ایشن چنیوٹ کے عہدیداران کا اعلان



چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈسٹرکٹ سپورٹس ایسوسی ایشن چنیوٹ کے عہدیداران کا اعلان کر دیا گیا چیئرمین چوہدری مسعود اقبال صدر عطاء الرحمن اور جنرل سیکرٹری ملک اصغر علی گوگا نامزد تفصیلات کے مطابق شیخ فہیم اختر کی رہائش گاہ پر ڈسٹرکٹ سپورٹس ایسوسی ایشن چنیوٹ کا ایک اہم اجلاس زیر صدارت سرپرست سید نور الحسن شاہ منعقد ہوا اجلاس میں ضلع بھر سے مختلف کھیلوں کی یونین کے عہدیداران اور کھلاڑیوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی اس موقع پر ڈسٹرکٹ سپورٹس ایسوسی ایشن چنیوٹ کے عہدیداران کا چناؤ عمل میں لایا گیا جس میں سید نور الحسن شاہ سرپرست اعلیٰ چوہدری مسعود اقبال چیئرمین اور عطاء الرحمن صدر ملک اصغر علی گوگا جنرل سیکرٹری ڈسٹرکٹ سپورٹس ایسوسی ایشن ضلع چنیوٹ نامزد کر دیئے گئے اس موقع پر منتخب صدر عطاء الرحمن اور جنرل سیکرٹری ملک اصغر علی گوگا نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہم پر جس اعتماد کا اظہار کیا گیا ہے ہم عہدیداران کی توقعات پر پورا اتریں گے۔

آسیہ یوسف نے نیشنل یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی اسلام آباد سے ایم فل میں گولڈ میڈل حاصل کر لیا

چوآسیدن شاہ (ایم ایوب سلطانی) قصبہ پڈھ سے تعلق رکھنے والی ہونہار طالبہ آسیہ یوسف نے نیشنل یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی اسلام آباد سے ایم فل میں گولڈ میڈل حاصل کر کے تحصیل بھر کا نام روشن کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق قصبہ پڈھ کے ملک محمد یوسف مرحوم کی صاحبزادی آسیہ یوسف نے نیشنل یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی اسلام آباد سے "بائیو سائنس میں ایم فل" میں پہلی پوزیشن حاصل کر کے گولڈ میڈل حاصل کیا۔ شاندار کامیابی پر ہونہار طالبہ آسیہ یوسف نے اے اساتذہ کرام کی محنت اور والدین کی دعاؤں کا نتیجہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ وہ اس پر مسرت موقع پر آج اپنے والد مرحوم کی بہت زیادہ کمی محسوس کر رہی ہیں کیونکہ انہی کی کوششوں کی بدولت انتہائی پسماندہ گاؤں سے تعلق رکھنے کے باوجود انہوں نے نہ صرف اسلام آباد جیسے شہر میں داخلہ لیا بلکہ اپنے والد کی سپورٹ کی بدولت ہی آج اتنی بڑی کامیابی بھی سمیٹی۔

راستوں سے کوڑا کرکٹ اٹھانے کا پلان ترتیب دیا جائے، کمشنر ساہیوال

کرایہ داروں سے کرایہ کی وصولی جاری رکھیں اور بقایا جات کلیئر کریں، شعیب اقبال سید

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید نے شہر کے تمام انٹری پوائنٹس کی مکمل صفائی کی ہدایت کر دی۔ شہر میں داخل ہونے والے تمام راستوں سے کوڑا کرکٹ اٹھانے کا پلان ترتیب دیا جائے۔ مڈھالی روڈ، اولڈ ہڑپہ روڈ، پاک پتن روڈ اور عارف والا روڈ کے دونوں اطراف صاف ستھرے ہونے چاہیں، ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ کو ہدایت۔ وہ یہاں اپنے دفتر میں پمپ پروگرام اور میونسپل کارپوریشن کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے تھے جس میں ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی، ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ شاہد فاروق وڑائچ، چیف آفیسر کاریوریشن شیخ اشفاق احمد، اے سی جنرل رائے فیصل عمران اور سٹی منیجر پمپ محمد اسجد خان نے بھی شرکت کی۔ انہوں نے شہر میں موجود کارپوریشن کی دوکانوں کو کرایہ پر دینے کے لئے ہونے والی نیلامی سے قبل تمام دوکانداروں سے بقایا جات کی وصولی کو یقینی بنانے کی بھی ہدایت کی اور کہا کہ کوئی دوکاندار بقایا جات کلیئر کروائے بغیر نیلامی میں حصہ نہیں لے سکتا۔ انہوں نے سپرنٹنڈنٹ اشفاق احمد لودھی کو ہدایت کی کہ وہ کرایہ داروں سے کرایہ کی وصولی جاری رکھیں اور انہیں واضح پیغام پہنچا دیں کہ بقایا جات کلیئر کرائے بغیر وہ نیلامی میں حصہ نہیں لے سکتے اور اس سلسلے میں کوئی دباؤ بھی برداشت نہ کیا جائے گا۔

کرسچن کالونی مانانوالہ میں کرسمس کیک کٹنگ تقریب کا انعقاد

اورنگزیب موما کی جانب سے تقریب کا انعقاد کیا گیا، مہندر پال سنگھ پاچی کی بھی شرکت

مانانوالہ (سید علی عباس گیلانی سے) کرسچن کالونی مانانوالہ میں اورنگزیب موما کی جانب سے کرسمس کیک کٹنگ تقریب کا انعقاد کیا گیا تقریب میں خرم منور منج ایم این اے مہندر پال سنگھ پاچی سابق ممبر پنجاب اسمبلی و صدر انصاف مینارٹی ونگ جنوبی پنجاب کی تصدیق ایڈووکیٹ صدر آئی ایل ایف رانا ذوالفقار ضلعی صدر لیبر ونگ شیخوپورہ گلفام ورک ضلعی صدر سوشل میڈیا ونگ شیخوپورہ چوہدری عامر سیموئیل (صدر سنٹرل پنجاب I M W) مبارک آفتاب (ٹکٹ ہولڈر صوبائی اسمبلی) رانا کامران جمیل اور دیگر سیاسی و سماجی شخصیات نے خصوصی شرکت کی تقریب میں آئے مہمانوں سے گفتگو کرتے ہوئے ایم این اے خرم منور منج اور اقلیتی رہنما سردار مہندر پال سنگھ نے کہا کہ ہم نے تقریب میں اقلیتی برادری کی خوشیوں کو دوبالا کرنے کے لیے شرکت کی اقلیتوں کو پاکستان میں مکمل حقوق حاصل ہیں کہ وہ اپنی مزہبی رسومات آزادی کے ساتھ ادا کریں

53 سال بعد بنگلادیش نے دوبارہ پاکستان کا پرچم بلند کیا ہے: علی عمران شاہین

آج بنگلادیش نے پاکستان کے ساتھ کلمہ کی بنیاد پر قائم ہونے والے رشتہ کو بحال کر لیا



مصطفی آباد/لیالیانی (نمائندہ خصوصی) آج 53 سال بعد بنگلادیش نے دوبارہ پاکستان کا پرچم بلند کیا ہے اور کلمہ طیبہ کا نعرہ بلند کر دیا ہے، بنگلادیش کو انڈیا کی کالونی کہا جاتا تھا لیکن آج بنگلادیش نے پاکستان کے ساتھ کلمہ کی بنیاد پر قائم ہونے والے رشتہ کو بحال کر لیا ہے، اگست کے ماہ میں جب بنگلادیش میں انقلاب آیا انڈیا نواز حسینہ واجد کو فرار ہونا پڑا، بنگلادیش والوں نے پاکستان توڑنے والے ایک اہم کردار شیخ مجیب الرحمان کے مجسمے گرا دیئے تصاویر جھلا دی اور پاکستان کا پرچم بلند کر دیا، ان خیالات کا اظہار چیئرمین پاک سول سوسائٹی عمران عمران شاہین نے پریس کلب مصطفی آباد میں ساتھ سطوط ڈھاکہ کے حوالے سے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا، اس موقع پر جنرل سیکرٹری مرکزی مسلم لیگ حلقہ پی پی 176 محمد شاہد، ابو اویس، محمد عمران سفی صدر پریس کلب مصطفی آباد للیانی، جسٹر ڈ سیٹھ محمد حسین صدر الیکٹرونک میڈیا بھی ان کے ہمراہ موجود تھی، علی عمران شاہین نے مزید کہا کہ اب وہ پاکستان کے لئے ڈائریکٹ فلیٹ شروع کرنے والے ہیں، پاکستانیوں پر لگائی گئی پابندیاں ہٹا دی، پاکستان کے ساتھ تجارت شروع کر دی، جو پہلا بحری جہاز بنگلادیش بنگلادیش گیا ہے جو گلا بارود لیکر گیا ہے تاکہ وہ اپنی حفاظت کو یقینی بنا سکیں، اب وہ کہہ رہے ہیں کہ ہم پاکستان کے ساتھ اٹمی معاہدہ کر کے اپنے دفاع کو مضبوط کرنا چاہتے ہیں، انہوں نے پاکستان کے لئے اپنے دروازے کھول دیئے ہیں۔

جھنگ: بجلی لائنوں کی ضروری مرمت کے سلسلہ میں صبح 8 بجے سے دن 1 بجے تک 17 دسمبر کا بجلی بندش شیڈول

جھنگ (بیورو رپورٹ) بجلی لائنوں کی ضروری مرمت کے سلسلہ میں صبح 8 بجے سے دن 1 بجے تک 17 دسمبر کو پکے والا، عمران شہید، لاشاری، کری والا، پیر کوٹ، نورے والا فیڈرز، 18 دسمبر کو سٹی، صدر، اٹھارہ ہزاری فیڈرز، 19 دسمبر کو رسول پور، کلیرہ، شاہ جیونہ، ملت، تریموں، ماچھیوال فیڈرز 21 دسمبر کو اٹھارہ ہزاری، سرگودھا روڈ، شاہ جیونہ، اکڑیانوالا فیڈرز، 23 دسمبر کو سٹی، ملہوانہ، رسول پور، دوسیرہ، کلیرہ، جوآنہ فیڈرز، 24 دسمبر کو پکے والا، عمران شہید، مسن، کوٹ امیر، کوٹ سلطان، لاشاری فیڈرز، 26 دسمبر کو ملت، تریموں، پیر کوٹ، نورے والا، سرگودھا روڈ، ماچھیوال فیڈرز، 28 دسمبر کو ٹ امیر، کوٹ سلطان، کوٹ خان فیڈرز میں بجلی کی سپلائی معطل رہے گی

سڑکوں پر محاذ آرائی کا راستہ مسائل کا حل نہیں، محمد زمان چیمہ آف ڈوڈا نوالی



وزیر آباد (نامہ نگار) ضلعی نائب صدر مسلم لیگ (ن) محمد زمان چیمہ آف ڈوڈا نوالی نے کہا ہے کہ سڑکوں پر محاذ آرائی کا راستہ مسائل کا حل نہیں، تمام سیاسی جماعتوں کو اختلافی وقومی معاملات کو ڈائیلاگ اور مذاکرات کے ذریعے ہی حل کرنا چاہئے، ملکی معیشت کو پاؤں پر کھڑا کر کے ہی معاشی بحران ختم ہو سکتے ہیں، اندرونی صنعتی و کاروبار میں ترقی سے ہی ملک خوشحال ہو سکتا ہے، پاکستان میں بھی بازاروں اور مارکیٹوں صنعتوں کی خوشحالی ہی ملک میں ترقی کی کرن طلوع کریگی، کاروبار کا پہیہ تیز رفتار چلنے سے روزگار کے مواقع پیدا ہونگے اور ملکی معیشت کو تقویت ملے گی، آج پاکستان کو جن چیلنجز کا سامنا ہے وہ ہمیں یہ سوچنے پر مجبور کرتے ہیں کہ کہیں ہم نے قائد کے نشان منزل کو فراموش تو نہیں کر دیا۔ ہمیں اپنے اندر ایمان، اتحاد اور قربانی کے جذبے کو فروغ دینا ہوگا، قائد اعظم کے افکار کو اپنا کر ہی ہم پاکستان کی تعمیر و ترقی میں مثبت کردار ادا کر سکتے ہیں۔

جھنگ: شہدائے پولیس کے اہلخانہ کے لیے خصوصی رہائشی منصوبہ شہداء کالونی کا سنگ بنیاد رکھ دیا گیا

جھنگ (بیورو رپورٹ) سولہ دسمبر سانحہ پشاور کے موقع پر جھنگ پولیس کا قابل ستائش اقدام شہدائے پولیس کے اہلخانہ کے لیے خصوصی رہائشی منصوبہ شہداء کالونی کا سنگ بنیاد رکھ دیا گیا ہے ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی نے ایس پی انوسٹی گیشن جاوید اقبال چدھڑ اور اے ڈی سی جی خرم شہزاد کے ہمراہ فیصل آباد روڈ پر نولاں والے قبرستان کے قریب شہداء کالونی کے منصوبے کا افتتاح کر دیا ہے اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر عمر سرور، امن کمیٹی کے ممبران، سول سوسائٹی اور دیگر پولیس افسران بھی ہمراہ موجود تھے اس موقع پر ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی نے کہا کہ شہداء پولیس کے خاندانوں کی ویلفیئر ہماری اولین ترجیح ہے شہداء کالونی کے تعمیراتی کام کو پائیداری اور معیار کے ساتھ جلد مکمل کر لیا جائے گا آج ہمیں شہدا پولیس کے خاندانوں کے لیے رہائشی منصوبے کے آغاز پر دلی مسرت ہو رہی ہے

نئی فیکٹریوں کی تعمیر کے لیے 100 لاکھ روپے فی کنال بلاسود قرضہ جات فراہم کیے جائیں، محمد خالد مغل/افتخار بٹ



وزیر آباد (نامہ نگار) چیئرمین پاک کٹلری کمپوزیشم وزیر آباد محمد خالد مغل اور صدر پریس کلب وزیر آباد افتخار احمد بٹ نے کہا ہے کہ سمال انڈسٹریل اسٹیٹ وزیر آباد کی جلد آباد کاری کے لیے پنجاب حکومت اور پنجاب سمال انڈسٹریز کارپوریشن سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ کے اس منصوبے کو کامیاب کرنے کے لیے اسے آسان بلاسود قرضہ جات فراہم کریں سمال انڈسٹریل اسٹیٹ وزیر آباد کے 278 پلاٹ مالکان گزشتہ 4 سال سے ہر پنجاب حکومت کو درخواستیں دے رہے ہیں کہ ہم کالج اینڈ سمال انٹر پرائز ہونے کے باوجود اپنے حصہ کی سرمایہ کاری کر چکے ہیں اب ہمیں رہائشی ایریا سے سمال انڈسٹریل اسٹیٹ وزیر آباد میں منتقل ہونے کے لیے نئی فیکٹریوں کی تعمیر کے لیے 100 لاکھ روپے فی کنال بلاسود قرضہ جات فراہم کیے جائیں جس کی ہم ایک ایک پائی واپس کریں گے اور مقامی کٹلری صنعتوں کی ایکسپورٹ اور پیداواری صلاحیت میں اضافہ کریں گے اگر موجودہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے وزیر آباد کٹلری کلسٹر کی صنعتی ترقی کے لیے اس کو اپنے ویژن کا حصہ بنایا ہے تو ہم ان کے بے حد شکر گزار ہیں ہم انہیں یقین دلاتے ہیں کہ اس پیکج کے صحیح استعمال کو ممکن بنا کر کٹلری کی ایکسپورٹ میں بھی اضافہ کریں گے اور ساتھ مرد وخواتین کے لیے نئے روزگار کے مواقع بھی بڑھائیں گے۔

سابق حکومت کی نااہلی: زیر زمین بچھایا سیوریج فلاپ ہو گیا

نماز کیلئے جانے والے نمازیوں کے کپڑے ناپاک ہو رہے ہیں، تاجر برادری میں ش

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

سانحہ سقوط ڈھاکہ اور موجودہ سیاسی عدم استحکام

سانحہ سقوط ڈھاکہ کو نصف صدی سے زائد کا عرصہ گزر چکا ہے لیکن ہمارے سیاسی المیوں نے کم ہونے کا نام نہیں لیا۔ آج سے قوم پہلے سے بھی زیادہ سنگین خطرات میں گھرے ہے پاکستان کو دیمک کی طرح چاٹنے والی کرپشن اور سنگین معاشی بحران کے ساتھ ساتھ سیاسی و عسکری قیادت سے ملک کی سلامتی و بقاء کے لیے فکرمند ہونے اور قومی اتحاد و یکجہتی کی فضا استوار کرنے کی اور بھی زیادہ ضرورت ہے۔ آج ہی کے دن سال قبل 16 دسمبر 2014ء کو وہ المیہ سانحہ آرمی پبلک اسکول پشاور رونما ہوا تھا جو اپنے نوعیت کے انتہائی دہشت ناک اور المناک واقعات میں سے ایک تھا۔ اس دہشت گردی کے دوران 150 کے قریب بے گناہ معصوم جانیں اور ان کے اساتذہ شہید کر دیے گئے تھے۔ اس سانحہ کے بعد ہی پوری قوم نے دہشت گردی کے خلاف ایک متحدہ قومی بیانیہ تشکیل دیا تھا جس کے نتیجہ میں ملک کے طول و عرض میں دہشت گردوں کے خلاف بھرپور آپریشن کیے گئے تھے جس کے نتیجہ میں دہشت گردی کی کمر توڑ دی گئی تھی۔ ملک میں امن و امان کی صورتحال بہتر ہوئی تھی۔ ملک کی معیشت بھی ترقی کی راہ پر گامزن ہو گئی تھی لیکن بدقسمتی سے ہم نے اپنی ان کامیابیوں کو برقرار رکھنے کی کوشش نہیں کی۔ ہم نے اپنی ان کامیابیوں کو مستقل بنیادوں پر استوار کرنے کی بجائے اپنی توجہ سیاسی عدم استحکام پیدا کرنے کی طرف مبذول کر دی۔ ہم نے اپنی ان کامیابیوں کو برقرار رکھ



چیمپئنز ٹرافی، پاکستان کا دبئی کے ساتھ کولمبو پر بھی غور

آخرکار پاکستان اور بھارت چیمپئنز ٹرافی کیلیے پارٹنر شپ یا فیوژن فارمولے پر راضی ہو گئے ہیں، اس کے تحت بھارتی ٹیم اپنے میچز نیوٹرل وینیو پر کھیلے گی

کراچی (این این آئی) چیمپئنز ٹرافی میچز کیلئے پاکستان یو اے ای کے ساتھ سری لنکا پر بھی غور کرنے لگا، پی سی بی ذرائع کے مطابق گو کہ دبئی فیورٹ ہے البتہ ہم کولمبو کے آپشن کو بھی ذہن میں رکھے ہوئے ہیں۔ دوسری جانب آئی سی سی اچانک سری لنکن ''انٹری'' سے واقف نہیں ہے، ایونٹ کی تفصیلات کا اعلان اتوار یا پیر کو متوقع ہے۔ تفصیلات کے مطابق کئی ماہ تک تنازع جاری رہنے کے بعد آخرکار پاکستان اور بھارت چیمپئنز ٹرافی کیلیے پارٹنر شپ یا فیوژن فارمولے پر راضی ہو گئے ہیں، اس کے تحت بھارتی ٹیم اپنے میچز نیوٹرل وینیو پر کھیلے گی، وہ اگر فائنل میں نہ پہنچی تو لاہور میزبانی کرے گا، جواب میں گرین شرٹس بھی 2026 ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ کے اپنے میچز بھارتی سرزمین پر نہیں کھیلیں گے، سری لنکا میزبان ہوگا۔ پی سی بی کی بعض اعلیٰ شخصیات ان دنوں عمرے کی ادائیگی کیلئے سعودی عرب میں موجود ہیں، ذرائع نے بتایا کہ پاکستان اور بھارتی بورڈز کے درمیان معاملات پر اتفاق ہو چکا اور گیند اب آئی سی سی کے کورٹ میں ہے، تمام معاملات کو معاہدے کی شکل دے کر دستخط کرائے جائیں گے، اب عالمی کونسل ہی اتوار یا پیر کو اس حوالے سے اعلان کرے گی۔ ذرائع نے مزید بتایا کہ یوں تو یو اے ای ہی بھارتی میزبانی کیلیے فیورٹ ہے لیکن ساتھ پی سی بی سری لنکا کے آپشن کا بھی جائزہ لے رہا ہے، جہاں سے اچھی ڈیل ملی وہاں معاملات فائنل کر لیے جائیں گے، دوسری جانب آئی سی سی اچانک سری لنکن ''انٹری'' سے واقف نہیں ہے، اس کے مطابق دبئی ہی میچز کی میزبانی کرے گا۔ یاد رہے گذشتہ دنوں چیئرمین پی سی بی محسن نقوی کی دبئی میں امارات کرکٹ بورڈ کے سابق آفیشل و موجودہ آئی سی سی ڈائریکٹر مبشر عثمانی سے بھی اہم ملاقات ہوئی تھی جس میں مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا تھا۔



اسلام آباد: بین الصوبائی قائداعظم گیمز کے دوسرے روز پنجاب کے گولڈ میڈلسٹ نوید حسن ہائی جمپ کا مظاہرہ کر رہے ہیں۔

خرم خان آئرن مین ورلڈ چیمپئن شپ میں شرکت کرنیوالے پہلے پاکستانی

چیمپئن شپ میں 9.1 کلومیٹر کی سوئمنگ اور 90 کلومیٹر کی بائیک رائیڈ شامل تھی



اسلام آباد (سپورٹس ڈیسک) خرم خان نیوزی لینڈ کے شہر ٹائیپو میں ہونے والی آئرن مین چیمپئن شپ میں شرکت کرنے والے پہلے پاکستانی ایتھلیٹ بن گئے۔ کراچی سے تعلق رکھنے والے خرم خان واحد پاکستانی ہیں جنہوں نے آئرن مین 3.70 ورلڈ چیمپئن شپ میں سبز ہلالی پرچم لہرایا۔ ٹرائیتھلون طرز کے ایونٹ میں 119 ممالک کے 6 ہزار ایتھلیٹس نے حصہ لیا، پاکستانی ایتھلیٹ نے اپنی مدد آپ تحت ایونٹ کے لیے کوالیفائی کیا تھا۔ چیمپئن شپ میں 9.1 کلومیٹر کی سوئمنگ اور 90 کلومیٹر کی بائیک رائیڈ شامل تھی جبکہ 1.21 کلو میٹر کی دوڑ بھی مقابلے کا حصہ تھی۔ پاکستان کے خرم خان نے پورا سرکٹ 5 گھنٹے 32 منٹ اور 52 سیکنڈ میں مکمل کیا۔ خرم خان کا کہنا تھا کہ پاکستانی پرچم پہلی بار آئرن مین ورلڈ چیمپئن شپ میں لہرانا اعزاز ہے، آئندہ ہونے والے بین الاقوامی مقابلوں میں بھی ملک کی نمائندگی کروں گا۔

جسپریت بمرا نے کپل دیو کا ریکارڈ توڑ دیا

لاہور (شہروز میاں سے) بھارتی کرکٹ ٹیم کے فاسٹ بولر جسپریت بمرا نے سابق کپتان کپل دیو کا ریکارڈ توڑ دیا۔ برسبین میں کھیلے جانیوالے تیسرے ٹیسٹ میں بھارتی فاسٹ بولر جسپریت بمرا نے آسٹریلیا کے خلاف تیسرے ٹیسٹ کے دوسرے دن شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا، انہوں نے 72 رنز دے کر 5 وکٹیں حاصل کیں۔ جسپریت بمرا نے 12 ویں مرتبہ پانچ وکٹیں حاصل کیں جبکہ جنوبی افریقہ، انگلینڈ، نیوزی لینڈ اور آسٹریلیا (سینا ممالک) کے خلاف شاندار بولنگ کرتے ہوئے بمرا نے 8 ویں مرتبہ 5 وکٹیں لینے کا کارنامہ انجام دیا ہے۔ بھارتی کرکٹ ٹیم کے فاسٹ بولر جسپریت بمرا نے اس اعزاز کے ساتھ بھارت کے سابق آل راؤنڈر اور 1983 کے ورلڈکپ کی فاتح ٹیم کے کپتان کپل دیو کا ریکارڈ بھی توڑ دیا ہے، جنہوں نے سینا ممالک میں 7 مرتبہ پانچ یا اس سے زیادہ وکٹیں حاصل کی تھیں۔

3 سال بعد راشد خان کی ٹیسٹ کرکٹ میں واپسی

زمبابوے کے خلاف ٹیسٹ سیریز میں حشمت اللہ شہیدی ٹیم کی قیادت کریں گے



اسلام آباد (سپورٹس ڈیسک) زمبابوے کے خلاف ٹیسٹ سیریز کے لیے افغانستان کرکٹ ٹیم کا اعلان کر دیا گیا۔ لیگ اسپنر راشد خان کی 3 سال بعد ٹیسٹ اسکواڈ میں واپسی ہوئی ہے۔ زمبابوے کے خلاف ٹیسٹ سیریز میں حشمت اللہ شہیدی ٹیم کی قیادت کریں گے۔ انہوں نے آخری ٹیسٹ میچ 2021ء میں زمبابوے کے خلاف ہی کھیلا تھا۔ دو ٹیسٹ میچز کی سیریز کا پہلا ٹیسٹ 26 دسمبر سے بلاوایو میں شروع ہو گا۔ ٹیسٹ سیریز کا دوسرا ٹیسٹ میچ 2 جنوری سے بلاوایو میں ہی کھیلا جائے گا۔ زمبابوے کے خلاف ٹیسٹ سیریز کے لیے افغانستان کرکٹ ٹیم کا اعلان کر دیا گیا۔ لیگ اسپنر راشد خان کی 3 سال بعد ٹیسٹ اسکواڈ میں واپسی ہوئی ہے۔ زمبابوے کے خلاف ٹیسٹ سیریز میں حشمت اللہ شہیدی ٹیم کی قیادت کریں گے۔

بھارت کے معروف سابق کھلاڑی کی پنشن شاہد آفریدی سے بھی کم نکلی

کراچی (سپورٹس ڈیسک) کرکٹ، جو کہ دنیا بھر میں بے شمار شائقین کے دلوں پر راج کرتا ہے، ریٹائرمنٹ کے بعد کھلاڑیوں کو ملنے والی مراعات کے حوالے سے ایک مختلف ہی تصویر پیش کرتا ہے۔ پاکستان کے سابق کرکٹر شاہد آفریدی اور بھارت کے سابق کھلاڑی ونود کامبلی کی مثالیں اس بات کی عکاسی کرتی ہیں کہ مختلف کرکٹ بورڈز اپنے ریٹائرڈ کھلاڑیوں کے لیے کس طرح کی مراعات فراہم کرتے ہیں۔ پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان اور عالمی کرکٹ کے بڑے ستارے، شاہد خان آفریدی نے 500 سے زائد میچز میں پاکستان کی نمائندگی کی اور ان کی کرکٹ کیریئر میں بے شمار کامیابیاں شامل ہیں۔

بین اسٹوکس ایک مرتبہ پھر ہیمسٹرنگ انجری کا شکار ہو گئے

ہیملٹن (این این آئی) انگلینڈ کے کپتان بین اسٹوکس ایک مرتبہ پھر ہیمسٹرنگ انجری کا شکار ہو گئے۔ اس حوالے سے انگلش کرکٹ بورڈ کا کہنا ہے کہ بین اسٹوکس نیوزی لینڈ کے خلاف ہیملٹن میں آخری ٹیسٹ کے تیسرے روز انجری کا شکار ہوئے۔ واضح رہے کہ 3 ٹیسٹ میچز کی سیریز میں انگلینڈ کو 2 صفر سے فیصلہ کن برتری حاصل ہے۔ اس سے قبل بین اسٹوکس دی ہنڈریڈ لیگ کے دوران ہیمسٹرنگ انجری کا شکار ہو گئے تھے۔

سیکیورٹی گارڈ کی بیٹی انٹرنیشنل کرکٹر بن گئی



کراچی (سپورٹس ڈیسک) سیکیورٹی گارڈ کی باصلاحیت بیٹی انٹرنیشنل کرکٹر بن گئی۔ لودھراں سے تعلق رکھنے والی شہر بانو نے ملائیشیا میں ویمنز انڈر 19 ٹی ٹوئنٹی ایشیاء کپ میں نیپال کے خلاف میچ سے انٹرنیشنل کیریئر کا آغاز کیا ہے۔ ہیڈ کوچ محسن کمال نے لیفٹ آرم فاسٹ بولر شہر بانو کو ڈیبیو کیپ پہنائی۔ مینجمنٹ اور کھلاڑیوں نے ڈیبیو کرنے والی کھلاڑی شہر بانو کو انٹرنیشنل کیریئر شروع کرنے پر مبارک باد دی۔ مینجمنٹ اور کھلاڑیوں نے ڈیبیو کرنے والی کھلاڑی کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار بھی کیا۔ شہر بانو لیفٹ آرم فاسٹ بولر ہیں جنہوں نے آج نیپال کے خلاف میچ سے انٹرنیشنل کیریئر کا آغاز کیا ہے۔ ویمن انڈر 19 ایشیاء کپ میں نیپال نے پاکستان کو 6 وکٹ سے ہرا دیا۔ پاکستان ویمن ٹیم نے پہلے کھیلتے ہوئے 5 وکٹ پر 104 رنز بنائے۔ کومل خان 38 اور ماہم انیس 29 رنز بنا کر نمایاں رہیں۔ نیپال ویمن انڈر ٹیم نے ہدف 6 گیندیں قبل حاصل کر لیا، پوجا موہاٹو 47 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہیں۔ پاکستان کی جانب سے قرۃ العین اور فاطمہ خان نے ایک ایک وکٹ لی۔

جیسن گلسپی نے پاکستان کی کوچنگ سے مستعفی ہونے کی وجوہات بتا دیں

ہائی پرفارمنس کوچ ٹم نیلسن کے معاملے پر بے خبری ناراضی کا سبب بنی، مجھے مکمل بے خبر رکھا گیا' انٹرویو

سڈنی (این این آئی) پاکستان ریڈ بال ٹیم کے سابق کوچ جیسن گلسپی نے پاکستان کی کوچنگ سے مستعفی ہونے کی وجوہات بتا دیں۔ آسٹریلین میڈیا کو انٹرویو دیتے ہوئے جیسن گلسپی نے انکشاف کیا کہ ہائی پرفارمنس کوچ ٹم نیلسن کے معاملے پر بے خبری ناراضی کا سبب بنی، ٹم نیلسن کو نہ رکھنے کے فیصلے سے مجھے مکمل بے خبر رکھا گیا۔ انہوں نے کہا کہ ماضی کے چند واقعات کے بعد اس معاملے نے مجھے سوچنے پر مجبور کیا کہ میری ضرورت ہے یا نہیں، ایک اہم فیصلے سے ہیڈ کوچ کو آگاہ نہ رکھنے نے مجھے ایسا سوچنے پر مجبور کیا۔ جیسن گلسپی کا کہنا ہے کہ میرا پاکستان کی کرکٹ ٹیم کی کوچنگ کا جو مقصد تھا وہ فوت ہوتا جا رہا تھا، میرا کام صرف میچ کی صبح پلیئرز کو کیچنگ پریکٹس کرانا رہ گیا تھا۔ پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کوچ نے کہا کہ ہیڈ کوچ کا سلیکٹرز سمیت ہر کسی سے مکمل رابطہ ضروری ہوتا ہے، پلاننگ کے لیے ضروری ہے کہ کم از کم ایک روز پہلے تو مجھے اسکواڈ کے بارے میں بتایا جائے۔ ان کا کہنا ہے کہ ان تمام معاملات کی عدم موجودگی میں کام کرنا مشکل ہو جاتا ہے، ٹم نیلسن کے معاملے کے بعد لگا کہ میرا کام اب مشکل ہو گیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ انگلینڈ کے خلاف پہلے میچ کے بعد گروپ پر ایک ٹیکسٹ میسج سے نئی سلیکشن کمیٹی کی خبر ملی، سلیکشن کمیٹی کے معاملے پر بھی مجھ سے کوئی بات نہیں کی گئی تھی۔ جیسن گلسپی کا یہ بھی کہنا ہے کہ بابر اعظم کو ڈراپ کرنے کا فیصلہ نئی سلیکشن کمیٹی کا تھا۔

بین اسٹوکس ایک مرتبہ پھر ہیمسٹرنگ انجری کا شکار ہو گئے



انگلینڈ کے کپتان بین اسٹوکس ایک مرتبہ پھر ہیمسٹرنگ انجری کا شکار ہو گئے۔ اس حوالے سے انگلش کرکٹ بورڈ کا کہنا ہے کہ بین اسٹوکس نیوزی لینڈ کے خلاف ہیملٹن میں آخری ٹیسٹ کے تیسرے روز انجری کا شکار ہوئے۔ واضح رہے کہ 3 ٹیسٹ میچز کی سیریز میں انگلینڈ کو 2 صفر سے فیصلہ کن برتری حاصل ہے۔ اس سے قبل بین اسٹوکس دی ہنڈریڈ لیگ کے دوران ہیمسٹرنگ انجری کا شکار ہو گئے

ہارت کی خاتون بیڈمنٹن کھلاڑی پُسر لا وینکٹا سندھو نے منگنی کر لی

ممبئی (سپورٹس ڈیسک) بھارت کی خاتون بیڈمنٹن کھلاڑی پُسر لا وینکٹا سندھو نے منگنی کر لی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق 29 سالہ پُسر لا وینکٹا سندھو نے وینکٹا دتا سائی سے منگنی کی ہے جو کہ آئی ٹی ماہر ہیں اور ان کا تعلق بھی حیدرآباد سے ہے۔ پُسر لا وینکٹا سندھو نے اپنی منگنی کی تصاویر سوشل میڈیا پر بھی شیئر کی ہیں جس کے بعد انہیں مبارکباد دینے کا سلسلہ جاری ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق پُسر لا وینکٹا سندھو اور وینکٹا دتا سائی کی شادی کی تقریبات کا آغاز 20 دسمبر سے ہوگا جبکہ 22 دسمبر کو ادے پور میں شادی ہوگی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق پُسر لا وینکٹا سندھو شادی کے کچھ وقت بعد اپنی ٹریننگ کا دوبارہ آغاز کریں گی۔

ٹم ساؤتھی کے تابڑ توڑ چھکے، ٹیسٹ کرکٹ میں لیجنڈ کرس گیل کا ریکارڈ برابر کر دیا

ٹیسٹ کرکٹ میں تین چھکے لگا کر کرس گیل کا ریکارڈ برابر کیا' انگلش پلیئرز کی جانب سے گارڈ آف آنر پیش

ہیملٹن (این این آئی) کیوی بولر ٹم ساؤتھی نے اپنے آخری ٹیسٹ میچ کو یادگار بناتے ہوئے تابڑ توڑ چھکے مار کر ویسٹ انڈین لیجنڈ کرس گیل کا ریکارڈ برابر کر دیا۔ ٹم ساؤتھی نے 14 دسمبر کو انگلینڈ کے خلاف سیڈن پارک، ہیملٹن میں کھیلے گئے تیسرے ٹیسٹ کے پہلے دن ریکارڈ بک میں اپنا نام درج کرایا، اسٹار پیسر نے الوداعی ٹیسٹ میں کرکٹرز کے ایلیٹ کلب میں شمولیت اختیار کی، انھوں نے ٹیسٹ کرکٹ میں تین چھکے لگا کر کرس گیل کا ریکارڈ برابر کر دیا۔ کیوی بولر کو ان کے آخری ٹیسٹ میں انگلش پلیئرز کی جانب سے گارڈ آف آنر پیش کیا گیا، انھوں نے گراؤنڈ میں آتے ہی اپنی موجودگی کا احساس دلایا۔ ساؤتھی نے اپنی اننگز کی صرف تیسری گیند پر بین اسٹوکس کو چھکا لگایا، دو گیندوں کے بعد انھوں نے یہ کارنامہ دہرایا۔



لالی ووڈ کی ''ہیر'' فردوس بیگم کو مداحوں سے بچھڑے 4 برس بیت گئے

بہترین اداکارہ کا نگار ایوارڈ بھی اپنے نام کیا، فلم آنسو میں لازوال اداکاری پر بھی ایوارڈ پایا



لاہور (این این آئی) لالی ووڈ کی ''ہیر'' فردوس بیگم کو مداحوں سے بچھڑے 4 برس بیت گئے۔ ہیروئن کا کردار ہو یا ساتھی اداکارہ، ماں کا رول ہو یا کوئی اور اصل نام پروین، 1947 میں جنم لینے والی فردوس نے ہر کردار میں جان ڈال دی، 14 برس کی عمر میں فلم نگری میں قدم رکھا، 60 اور 70 کی دہائیوں میں کمال عروج پایا۔ اداکارہ فردوس نے 200 فلموں میں مختلف کردار ادا کئے، سپر ہٹ فلموں میں ''ہیر رانجھا''، ''دلاں دے سودے''، ''ملنگی''، ''آنسو''، ''ضدی''، ''باؤ جی''، ''مرزا جٹ''، ''جاگ اٹھا انسان'' اور بے شمار دیگر فلمیں شامل ہیں۔ بہترین اداکارہ کا نگار ایوارڈ بھی اپنے نام کیا، فلم آنسو میں لازوال اداکاری پر بھی ایوارڈ پایا، فردوس بیگم نے اپنے دور کے ہر ہیرو کے ساتھ کام کیا، کم عمری میں ہی منجھی ہوئی اداکاری کرنا شروع کر دی تھی۔ لالی ووڈ کا یہ درخشاں ستارہ 16 دسمبر 2020 کو آنکھوں سے ہمیشہ کیلئے اوجھل ہو گیا، فردوس بیگم مداحوں کیلئے اپنے فن کا خزانہ چھوڑ گئی ہیں۔

عالمی شہرت یافتہ بھارتی طبلہ نواز ذاکر حسین انتقال کر گئے

نئی دہلی (شوبز ڈیسک) عالمی شہرت یافتہ بھارتی طبلہ نواز ذاکر حسین انتقال کر گئے۔ نئی دہلی سے بھارتی میڈیا کے مطابق ذاکر حسین سان فرانسسکو امریکا میں اسپتال میں زیر علاج تھے۔ رپورٹس میں بتایا گیا کہ لیجنڈ طبلہ نواز استاد اللہ رکھا کے بیٹے ذاکر حسین نے 73 برس کی عمر پائی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ذاکر حسین دل کے عارضے کے سبب سان فرانسسکو کے اسپتال میں زیر علاج تھے۔

الوارجن کی گرفتاری کا مقصد پشپا 2 کی پبلسٹی اور زیادہ کمائی تھی، رام گوپال ورما

دہلی (شوبز ڈیسک) بھارت میں انڈر ورلڈ اور گینگسٹرز پر مبنی فلمیں بنانے کے حوالے سے مشہور ہدایتکار، اسکرین رائٹر اور پروڈیوسر رام گوپال ورما کا کہنا ہے کہ تیلگو فلموں کے معروف اداکار الوارجن کو جمعہ کو گرفتار کرنے کا مقصد انکی حال ہی میں ریلیز ہونے والی فلم پشپا 2: دی رول کی پبلسٹی کرنا تھی تاکہ یہ فلم اور زیادہ بزنس کر سکے۔ آر جی وی (رام گوپال ورما) نے اس حوالے سے ایکس (سابق ٹوئٹر) پر اپنے طویل نوٹ میں دعویٰ کیا کہ ہر شخص حیران ہوا کہ تیلنگانہ کے چیف منسٹر انو ملا ریوانتھ ریڈی نے الوارجن کے ساتھ ایسا کیوں کیا؟ 62 سالہ شہرت یافتہ فلمساز و ہدایتکار نے کہا کہ میرے خیال میں انہوں نے ایسا اس لیے کیا تاکہ فلم پشپا 2 کو مزید شہرت ملے اور وہ زیادہ کلیکشن (بزنس) کر سکے اور ریاست تیلنگانہ کے فیورٹ بیٹے کو مزید بلندی ملے۔ تیلگو فلموں کے علاوہ ہندی اور کناڈا سینما میں بھی مشہور رام گوپال ورما نے مزید دعویٰ کیا کہ ریاستی حکام نے عدالت میں جان بوجھ کر کافی کمزور پروسیکیوشن اختیار کی، جس کے نتیجے میں الوارجن کو چند گھنٹوں میں ضمانت مل گئی۔ انہوں نے کہا کہ اس سے یہ واضح ہو گیا کہ ریاستی حکومت نے جان بوجھ کر ایسا کیا اور انکا مقصد دراصل فلم کو میگا پاپولر کرنا تھا تاکہ یہ باکس آفس پر بھی طویل عرصے تک راج کرے۔

سونو سود کا اپنی فلم 'فتح' کی کمائی غریبوں میں تقسیم کرنے کا اعلان

ممبئی (این این آئی) معروف بالی وڈ اداکار و سماجی کارکن سونو سود نے اپنی آئندہ ریلیز ہونے والی فلم 'فتح' سے حاصل ہونے والی کمائی غریبوں میں تقسیم کرنے کا اعلان کر دیا۔ انڈین میڈیا کی رپورٹس کے مطابق سونو سود ایکشن فلم 'فتح' میں نظر آئیں گے۔ انہوں نے فلم کی مجموعی کمائی کو اولڈ ایج ہومز اور یتیم خانوں میں عطیہ کرنے کا منصوبہ بتا دیا۔ اداکار و سماجی کارکن نے میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ فلم 'فتح' سائبر کرائم پر مبنی ہے جہاں لوگوں کو ہر روز فراڈ کا سامنا کرنا پڑتا ہے، اس لیے یہ ایک ایکشن فلم ہے جس سے لوگوں کو آگاہ کیا جائے گا کہ سائبر کرائم سے کیسے محفوظ رہنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ فلم ملک کے لوگوں کیلیے بنائی گئی فلم ہے اور ہم کوشش کریں گے کہ فلم کی مجموعی کمائی اولڈ ایج ہومز اور یتیم خانوں میں بھیجیں۔

والد کی وفات پر 'الحمدللہ' کہہ کر غم سے نجات حاصل کی: نادیہ جمیل



کراچی (شوبز ڈیسک) پاکستانی معروف سینئر اداکارہ نادیہ جمیل نے اپنے والد کی وفات کے بعد ان کی جدائی کے غم سے نکلنے کا سبق آموز قصہ مداحوں کے ساتھ شیئر کیا ہے۔ سوشل میڈیا پر اداکارہ کے ایک انٹرویو کا ویڈیو کلپ وائرل ہو رہا ہے جس میں انہوں نے مداحوں کے ساتھ ایک دلچسپ قصہ شیئر کیا ہے اور بتایا ہے کہ انہوں نے کس طرح اپنے والد کی موت پر صبر کیا۔ وائرل ویڈیو میں انہیں کہتے ہوئے سن سکتے ہیں کہ گزشتہ برس مئی میں والد کا انتقال ہوا، جس کے بعد لگا کہ دنیا ختم ہو گئی ہے اب میں زندہ نہیں رہ سکوں گی۔ اداکارہ نے بتایا کہ ابھی والد کے غم میں تھی کہ مجھے ایک سعودی دوست ملی جس نے مجھے بتایا کہ جب ان کے یہاں کوئی فوت ہوتا ہے تو وہ الحمدللہ کہتے ہیں۔ ادیہ جمیل نے بتایا کہ جب میری دوست نے یہ کہا تو میں اسے حیرت سے دیکھنے لگی کہ یہ کیا کہہ رہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ان کی اس دوست نے مزید بتایا کہ جب میرا 15 برس کا اکلوتا بیٹا فوت ہوا تو ایک پاکستانی خاتون نے مجھ سے سوال کیا کہ میرا جوان اکلوتا بیٹا فوت ہو گیا ہے، اب میں صبر کیسے کروں گی؟ جس پر میں نے اس کے ہاتھ سے سونے کا کڑا مانگا اس نے مجھے دے دیا اور کچھ دیر بعد اس نے واپس مانگا تو میں نے اپنے ہاتھ سے وہ کڑا نکال کر اسے واپس کر دیا، جس پر میں نے اسے کہا کہ یہ آپ کی چیز تھی آپ نے مانگی میں نے واپس دے دی میں یہ بھی تو کہہ سکتی تھی کہ مجھے یہ پسند آ گیا ہے اسے واپس مت لو یا کچھ دیر بعد واپس لے لینا لیکن نہیں آپ نے مانگا میں نے دے دیا۔ نادیہ جمیل نے بات جاری رکھتے ہوئے اپنی دوست کا قصہ سنایا کہ میری دوست نے یہ مثال دیتے ہوئے کہا کہ بالکل اسی طرح اللہ تعالیٰ نے مجھے اپنی چیز دی تھی، جب اس نے واپس مانگی تو میں نے یہ کہتے ہوئے اسے واپس کر دی کہ اس نے مجھ پر 15 برس تک اعتبار کر کے مجھے اپنی چیز دی، اب میں قرضہ واپس کرتے ہوئے شکریہ ادا کروں گی۔ ان کا کہنا ہے کہ میری دوست نے مجھے سمجھایا کہ اللہ تعالیٰ نے تمہیں والد کا ساتھ 50 برس تک دیا، ان کی یادیں ہیں، ان کا سکھایا ہوا سبق تمہارے ساتھ ہے، دنیا میں ایسے بھی بچے ہیں جنہیں 5 منٹ کے لیے اپنے والد کا ساتھ نہیں ملتا اور تم (نادیہ جمیل) تو ایسے بچوں کے ساتھ کام کرتی ہو، زیادہ بہتر جانتی ہو۔ اداکارہ نے کہا کہ دوست کی بات سن کر میرا نظریہ ہی بدل گیا، اب مجھے والد کی موت کا غم ہی نہیں رہا، جو کہتے ہیں کہ انسان غم کی 7 منزلوں سے گزرتا ہے، دوست کی بات سننے کے بعد میں ان سے گزری ہی نہیں میرے لب پر صرف ایک چیز 'الحمدللہ' ہی تھی۔ واضح رہے کہ اداکارہ نادیہ جمیل کے والد 3 مئی 2023ء کو مختصر علالت کے بعد انتقال کر گئے تھے۔

ٹک ٹاکر رجب بٹ کی درخواست ضمانت منظور

دوسری جانب رجب بٹ سے تحویل میں لیا گیا، شیر کا بچہ سفاری زو میں منتقل کر دیا گیا



لاہور (سپورٹس ڈیسک) جوڈیشل مجسٹریٹ کاشف علی پاشا نے ٹک ٹاکر رجب بٹ کی درخواست ضمانت بعد از گرفتاری منظور کر لی۔ رجب بٹ کو گزشتہ روز مختلف الزامات کے تحت گرفتار کیا گیا تھا۔ معروف یوٹیوبر کی ضمانت کی درخواست پر سماعت کے دوران عدالت نے انہیں رہائی کی اجازت دے دی، عدالت نے رجب بٹ کو 50 ہزار روپے کے مچلکے جمع کرانے کا حکم دیا۔ دوسری جانب رجب بٹ سے تحویل میں لیا گیا، شیر کا بچہ سفاری زو میں منتقل کر دیا گیا، تاہم مزید فیصلہ کورٹ کی جانب سے کیا جائے گا، فیصلہ آنے تک شیر کا بچہ محکمہ وائلڈ لائف کی تحویل میں رہے گا۔



فضا علی ایک بار پھر تنقید کی زد میں کیوں ہیں؟



کراچی (ویب ڈیسک) پاکستان کی مشہور ماڈل، اداکارہ اور میزبان فضا علی ایک بار پھر سوشل میڈیا صارفین کی تنقید کا نشانہ ہیں۔ اداکارہ اپنے متنازع بیانات اور طرز زندگی کی وجہ سے اکثر سرخیوں میں رہتی ہیں، حال ہی میں ان کے مارننگ شو کے ایک متنازع موضوع نے سوشل میڈیا صارفین کی توجہ حاصل کر لی ہے۔ فضا علی نے حال ہی میں ٹی وی شو کے سیگمنٹ میں پاکستان ٹیلی ویژن کی مشہور اداکاراؤں کے نام لے کر کاسمیٹک سرجری سے متعلق بات کی۔ مارننگ شو کی میزبان نے کاسمیٹک سرجری سے متعلق سیگمنٹ میں چند مشہور اداکاراؤں کی سرجری سے پہلے اور بعد کی تصاویر دکھائیں اور ڈاکٹر سے ان کے کاسمیٹک طریقہ کار سے متعلق سوال کیا۔ پروگرام میں کاسمیٹک سرجری کروانے والی اداکاراؤں میں مشی خان، ثروت گیلانی، سدرہ بتول، مہوش حیات، ماہ نور بلوچ، عائشہ خان اور دیگر شامل ہیں۔ سوشل میڈیا صارفین نے فضا علی کے اس ٹی وی شو میں مشہور شخصیات کا اس طرح تذکرہ کرنے پر غصے کا اظہار کیا۔ بہت سے لوگوں نے خود فضا کو اس میں اپنی تصویر شامل نہ کرنے پر تنقید کا نشانہ بنایا، کیونکہ مداحوں کے مطابق وہ خود بھی متعدد کاسمیٹک طریقہ کار اختیار کر چکی ہیں۔ سوشل میڈیا صارفین کا کہنا تھا کہ انھیں فضا علی سے یہ توقع نہیں تھی کہ وہ اپنی ساتھی اداکاراؤں سے متعلق اس طرح کی گفتگو کریں گی۔ ایک سوشل میڈیا صارف نے لکھا کہ ''یہ دوسروں کا مذاق اڑانے کا جدید طریقہ ہے۔''

کاشف محمود کو پولیس نے کیوں گرفتار کیا تھا؟



لاہور (شوبز ڈیسک) پاکستانی ڈراموں کے سینئر اداکارہ کاشف محمود نے سیاسی مظاہرے میں شریک ہونے پر اپنی گرفتاری کا انکشاف کیا ہے۔ کاشف محمود جنھوں نے پاکستانی ٹیلی ویژن انڈسٹری میں متنوع کردار ادا کیے ہیں اور اپنی بہترین کرداری سے لاکھوں مداحوں کے دل موہ لیے ہیں، انھوں نے نجی ٹی وی کے پروگرام ''ہنسنا منع ہے'' میں شرکت کے دوران اس بات کا انکشاف کیا کہ انھیں پولیس نے گرفتار کر لیا تھا۔ کاشف محمود سیاست اور سماجی مسائل پر بھی بہت آواز اٹھاتے رہیں ہیں اور اس معاملے میں اپنے نقطہ نظر کو شیئر کرنے میں کبھی پیچھے نہیں رہے۔ اداکار نے بتایا کہ کس طرح سیاست پر آواز اٹھانے سے ان کے کیریئر پر اثر پڑا۔ انھوں نے بتایا کہ وہ عملی طور پر زیادہ شامل نہیں رہے ہیں لیکن انھیں حکومت مخالف مظاہرے میں حصہ لینے کے بعد گرفتار کیا گیا تھا۔ کاشف نے بتایا کہ پولیس کی حراست سے انھیں سہیل احمد نے ضمانت پر رہا کروایا تھا۔ اداکار نے اپنی گرفتاری کا قصہ سناتے ہوئے بتایا کہ پولیس کا رویہ ان کے ساتھ بہت اچھا تھا، بلکہ انسپکٹر نے اپنی جیب سے ہزار روپے خرچ کر کے انھیں جیل کی کوٹھری کے لیے مچھر مار لوشن اور حفاظتی جالی فراہم کی کیونکہ وہاں مچھر بہت تھے۔

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

بجلی کے نرخوں میں فوری کمی، ٹیکسوں کی تعداد کم اور فکسڈ چارجز واپس لیے جائیں: لاہور چیمبر کا مطالبہ

بجلی انڈسٹری کا انتہائی اہم خام مال ہے اور اس کی قیمت میں اتار چڑھاؤ براہ راست ہماری برآمدات سے منسلک ہے



لاہور(کامرس رپورٹر)لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی قیادت نے ہنگامی پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ بجلی کے ٹرخوں میں فوری طور پر کمی اور پاور سیکٹر پر ٹیکسوں کی تعداد کم کرے۔ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے صدر لاہور چیمبر میاں ابوذر شاد، سینئر نائب صدر انجینئر خالد عثمان اور نائب صدر شاہد نذیر چودھری نے کہا کہ بجلی انڈسٹری کا انتہائی اہم خام مال ہے اور اس کی قیمت میں اتار چڑھاؤ براہ راست ہماری برآمدات سے منسلک ہے۔ بھارت میں بجلی کا اوسط نرخ 7 سے 8 سینٹس فی یونٹ، بنگلہ دیش میں 8 سے 9 سینٹس فی یونٹ، سری لنکا میں 9 سے 12 سینٹ فی یونٹ جبکہ پاکستان میں بجلی کا اوسط نرخ 16 سینٹ کے لگ بھگ ہے۔ تاہم بلوچستان میں بجلی کا ریٹ 2 سے 3 سینٹ فی یونٹ ہے۔ عالمی منڈی میں ان ممالک کا مقابلہ کیسے کریں گے۔ پریس کانفرنس سے سابق صدر محمد علی میاں اور سابق نائب صدر حارث عتیق نے بھی خطاب کیا۔ میاں ابوذر شاد نے کہا کہ خطے کے دیگر ممالک کی نسبت پاکستان میں بجلی کی زیادہ قیمت صنعتوں اور کاروباری طبقے کے لیے ناقابل برداشت ہو چکا ہے۔ اس کے نتیجے میں ہماری صنعتوں کی عالمی مارکیٹ میں مسابقت کم ہو رہی ہے اور برآمدات پر منفی اثر پڑ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک اور بڑا مسئلہ ایم ڈی آئی چارجز اور فکسڈ چارجز ہیں جو ایک غیر ضروری مالی بوجھ بن رہے ہیں۔ یہ چارجز صارفین کے اصل استعمال کی بنیاد پر نہیں بلکہ فرضی کھپت کی بنیاد پر لگائے جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ بجلی کے بلوں میں بجلی پر ڈیوٹی، ٹیلی ویژن فیس، فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ، جنرل سیلز ٹیکس، فیول ایڈجسٹمنٹ پرائس پر انکم ٹیکس اور ایکسائز ڈیوٹی وصول کیے جا رہے ہیں۔ یعنی بجلی کا بل اب ٹیکسوں کا مجموعہ بن چکا ہے۔ سینئر نائب صدر انجینئر خالد عثمان نے کہا کہ جب تک انڈسٹری نہیں چلے گی سرمایہ گردش میں نہیں آئے گا۔ مہنگی بجلی کی وجہ سے پیداواری لاگت برداشت سے زیادہ ہو چکی ہے۔

16 دسمبر سیاہ ترین دن ہے، چوہدری جاوید اقبال گورائیہ

آرمی پبلک سکول کے شہداء اور اساتذہ کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں



نارنگ منڈی (میاں معظم سے) 16 دسمبر سیاہ ترین دن ہے جب امن دشمنوں نے علم کا چراغ بجھانے کی ناکام کوشش کی معصوم بچوں کے ہاتھوں سے کتاب چھین کر انہیں گولیوں کا نشانہ بنایا گیا ان طلباء اور اساتذہ کو سلام پیش کرتے ہیں جنہوں نے اپنی جانیں قربان کر دیں لیکن علم کے چراغ نہیں بجھنے دیے ان خیالات کا اظہار پاکستان مسلم لیگ کے ضلعی صدر چوہدری جاوید اقبال گورائیہ نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ آرمی پبلک سکول کے شہداء اور اساتذہ کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں دشمن کی بزدلانہ کارروائی نے پوری قوم کو ایک کر دیا ہے قوم دشمنگردی کے خلاف ہمیشہ سیسہ پلائی ہوئی دیوار ثابت ہوئی ہے ایسے واقعات ہمارے حوصلے پست نہیں کر سکتے آرمی پبلک سکول کے اساتذہ اور بچوں کو سلام پیش کرتے ہیں 16 دسمبر کبھی نہ بھولنے والا دن ہے جسے قوم ہمیشہ سیاہ دن کے طور پر یاد رکھے گی۔

ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل نے ضلع چنیوٹ میں پانچ روزہ انسداد پولیو مہم کا افتتاح کر دیا



چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل نے ضلع چنیوٹ میں پانچ روزہ انسداد پولیو مہم کا افتتاح کر دیا، ڈپٹی کمشنر نے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال میں بچوں کو پولیو کے قطرے پلا کر پولیو مہم کا افتتاح کیا، اسسٹنٹ کمشنر شمس الرحمن بی او ہیلتھ، ایم ایس و دیگر افسران و ڈاکٹرز بھی موجود تھے، اس موقع پر ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل کا کہنا تھا کہ پانچ روزہ پولیو مہم 16 دسمبر سے 20 دسمبر تک جاری رہے گی، پولیو مہم کے دوران 2 لاکھ 97 ہزار 122 بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جائیں گے، انکا مزید کہنا تھا کہ پولیو کے قطرے پلانے کے لیے ضلع بھر میں 1467 ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں اور پولیو ٹیمیں گھر گھر جا کر پانچ سال سے کم عمر بچوں کو پولیو کے قطرے پلائیں گی۔ ڈپٹی کمشنر نے شہریوں کے نام اپنے پیغام میں کہا کہ والدین اپنے پانچ سال تک کی عمر کے بچوں کو پولیو کے قطرے لازمی پلائیں اور انہیں عمر بھر کی معذوری سے بچائیں۔

جلالپور بھٹیاں: یوسف میموریل ہسپتال کے انچارج کی زیر نگرانی میڈیکل کیمپ کا انعقاد



جلالپور بھٹیاں (روز نامہ قوت رستم علی) جلالپور بھٹیاں۔ یوسف میموریل ہسپتال کے انچارج ڈاکٹر زاہد جاوید کے زیر نگرانی ورد کمال میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔ جلالپور بھٹیاں۔ یوسف میموریل ہسپتال ورد کمال فری میڈیکل کیمپ میں ڈاکٹر زاہد جاوید ایم سی پی ایس فیملی میڈسن، ڈاکٹر فرخ نوید زاہد گائناکالوجسٹ، ڈاکٹر بشارت علی باوا جنرل سرجن ایف سی پی ایس ،ڈاکٹر محمود الحسن چغیمہ ایف آر سی ایس (ماہر امراض گردہ مثانہ)،ڈاکٹر شعیب اکبر ایف سی پی ایس (ماہر امراض دل شوگر)،ڈاکٹر حارث ایف سی پی ایس (آرتھو پیڈک سرجن) ڈاکٹر عریشہ فزیوتھراپسٹ بطوبی زاہد (ماہر غدائیات) نیوٹریشن ،ڈاکٹر تشمیر زاہد ایم بی بی ایس، ڈاکٹر خالد منیر ماہر امراض چشم، ڈاکٹروں نے کیمپ میں شرکت کی، جس میں مفت مریضوں کا معائنہ۔ شوگر ٹیسٹ ،ای سی جی، الٹراساؤنڈ اور مستحق مریضوں کو ادویات بھی دی، غدائیت سے متعلق تجاویز طبی مشورے، تشخیص اور علاج کیلئے رہنمائی میں سپشلسٹ ڈاکٹروں نے کثیر تعداد مریضوں کا معائنہ کیا اہل علاقہ نے انچارج ڈاکٹر زاہد جاوید صاحب، ڈاکٹروں اور سٹاف کے شکریہ ادا کیا۔

حافظ آباد شہر میں صفائی کا نظام ابتر ہونے لگا

نالیاں اور گٹر ابلنے لگے، علاقہ مکین کا وزیر اعلیٰ پنجاب اور ضلعی انتظامیہ کو کوسنے لگے



حافظ آباد (رانا طارق محمود) حافظ آباد شہر میں صفائی کا نظام ابتر سے ابتر ہونے لگا گلی محلوں میں بھی کئی فٹ پانی گندا پانی کھڑا ہو گیا۔ نالیاں اور گٹر ابلنے لگے۔ علاقہ مکین وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کے تھرا پنجاب پروگرام کے ساتھ ساتھ ضلعی انتظامیہ کے افسران کو کوسنے لگے۔ محلہ بین بخاری اور محلہ نصیر پورہ کے مکینوں نے نصیر احمد بٹ کی قیادت میں شدید احتجاج کرتے ہوئے کہا کہ حافظ آباد شہر میں صفائی کے ابتر نظام سے جہاں جگہ جگہ تعفن پھوٹ رہا ہے وہاں شہری مختلف امراض میں مبتلا ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ محلہ نصیر پورہ کی گلیوں میں گندا پانی کھڑا ہونے اور محلہ بین بخاری میں سینٹری ورکرز کے غائب ہونے سے نہ صرف گٹر ابل رہے ہیں بلکہ گندگی وغلاظت پھیلنے سے جگہ جگہ تعفن پھوٹ رہا ہے جبکہ گورنمنٹ ہائی سکول نمبر 1 جو کہ شہر کی سب سے بڑی درسگاہ ہے اسکے سامنے بھی گندا پانی کھڑا ہونے سے طلبہ کا سکول میں آنا جانا محال بنا ہوا ہے۔ انہوں نے کمشنر گوجرانوالہ سے مطالبہ کیا کہ شہر میں صفائی کی بگڑتی صورت حال کا سخت نوٹس لیکر ذمہ داران کے خلاف کاروائی عمل میں لائی جائے۔

سانحہ آرمی پبلک اسکول کو 10 برس بیت گئے، مرزا نسیم احمد

دہشتگردوں نے آرمی پبلک سکول پر حملہ کر کے حصول علم میں مگن معصوم بچوں کو نشانہ بنایا



ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) مرکزی چیف کوآرڈینیٹر پاکستان فیڈریشن آف میڈیا ایڈیٹر جسٹ رجسٹرڈ مرزا نسیم احمد نے کہا ہے کہ انسانیت سوز اور دلخراش سانحہ آرمی پبلک اسکول کو 10 برس بیت گئے ہیں لیکن اس کا غم آج بھی تازہ ہے 10 سال قبل علم دشمنوں نے معصوم بچوں کو دہشتگردی کا نشانہ بنایا سفاک دہشتگردوں نے آرمی پبلک سکول پر حملہ کر کے حصول علم میں مگن معصوم بچوں کو نشانہ بنایا سفاک قاتلوں نے ان پھولوں کو خون میں نہلا یا جنہوں نے ابھی کھلنا تھا 16 دسمبر 2014 کی سیاہ صبح ہر پاکستانی کے دل پر نقش ہے دہشت گردوں نے 147 معصوم بچوں اور ان کے اساتذہ کو سفاکیت کا نشانہ بنایا سانحہ 16 دسمبر صرف سکول پر ہی نہیں بلکہ انسانیت تعلیم اور پاکستان کے روشن مستقبل پر حملہ تھا سانحے اے پی ایس شہداء ہماری قوم کے ہیرو ہیں اس اندوہناک سانحہ نے دہشتگردی کے خلاف جنگ میں نئی روح پھونک دی جس کے بعد قوم دہشتگردی کے خلاف متحد ہو گئی۔

الہ آباد: پروبیشنرز کے لئے آگاہی سیشن کا انعقاد

تحصیل بار چونیاں کے صدارتی امیدوار ایڈووکیٹ ملک افضل کی وفد کے ہمراہ شرکت



الہ آباد (نامہ نگار) پروبیشنرز کے لئے آگاہی سیشن کا انعقاد تحصیل کورٹس چونیاں میں آگاہی سیشن کا انعقاد کیا گیا جس میں 68 پروبیشنرز نے شرکت کی اس سیشن میں تحصیل بار چونیاں کے صدارتی امیدوار ایڈووکیٹ ملک افضل اور سینئر وکیل راؤ شہزاد اپنے وفد کے ہمراہ شریک ہوئے پروبیشن آفیسر ڈاکٹر شوکت علی نے سیشن کا آغاز کرتے ہوئے خاندان کے کردار پر روشنی ڈالی اور بتایا کہ کس طرح خاندان جرائم کے رویے کو ختم کرنے میں مدد فراہم کر سکتا ہے اس کے بعد راؤ شہزاد نے تفصیلی لیکچر دیا جس میں انہوں نے جرم کے رجحانات سے چھٹکارا پانے کے طریقوں پر بات کی اور پروبیشنرز کو ان کے رویوں میں تبدیلی لانے کی ترغیب دی اس کے علاوہ ایڈووکیٹ ملک افضل نے اسلام کے تناظر میں پروبیشنرز کی رہنمائی کی اور انہیں بتایا کہ اسلام کی تعلیمات کیسے انہیں غیر قانونی سرگرمیوں سے بچا سکتی ہیں سیشن کا اختتام مثبت انداز میں ہوا اور تمام شرکاء نے عہد کیا کہ وہ اپنے ماضی کے منفی رویوں سے چھٹکارا پائیں گے اور ایک بہتر زندگی گزارنے کی کوشش کریں گے۔ سیشن کا انعقاد بہت منظم طریقے سے کیا گیا اور تمام شرکاء نے اس میں دلچسپی سے شرکت کی۔

انتہائی دیدہ زیب گھروں میں رہنے والوں میں خودکشی کا رجحان زیادہ ہے، عبدالقدیر اعوان شیخ

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) امیر عبدالقدیر اعوان شیخ سلسلہ نقشبندیہ اویسیہ و سربراہ تنظیم الاخوان پاکستان نے کہا کہ ساری آسائشوں، ساری جدت اور انتہائی دیدہ زیب گھروں میں رہنے والوں میں خودکشی کا رجحان زیادہ ہے۔ اس ساری ترقی نے انسان کو ظاہراً بہت آسانی اور آرام دہ زندگی تو دے دی لیکن وہ خوشی وہ راحت جو دلوں کو ملنی چاہیے تھی وہ نہ مل سکی اور نوبت یہاں تک پہنچ جاتی ہے کہ بندہ اپنی زندگی کا خاتمہ کر لیتا ہے اگر ہم ان معاشروں کو دیکھیں جہاں دین اسلام پر عملداری اور قرآن کریم کی تعلیمات اور احکامات پر عمل ہو رہا ہوتا ہے وہاں دنیاوی طور پر کچھ بھی نہ ہو لیکن وہاں مستحکم اور اطمینان کے ساتھ زندگی گزر رہی ہوتی ہے وہاں مجموعی طور پر بھی مثبت کردار نظر آتے ہیں انہوں نے کہا کہ جہاں تک ہمارا اختیار ہے ہم اپنے اختیار کا استعمال دین اسلام کے مطابق کریں ہمیں اپنی زندگیوں کا جائزہ لینے کی ضرورت ہے کہ ہم صلح رحمی، درگزر اور اللہ کی مخلوق پر کتنا رحم کر رہے ہیں اگر ایسا نہیں ہے تو پھر اس کا مطلب ہے کہ ہم دین اسلام کو مان تو رہے ہیں لیکن قلب کی گہرائی میں جو یقین ہوتا ہے وہ ہمیں حاصل نہیں ہے اسی وجہ سے جو آج معاشرے کی صورت حال ہے وہ وہ پرسکون نہیں ہے ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم اس گزرتی زندگی کی سانسوں کو اللہ کے نام سے مزین فرمائیں دین اسلام دین حق ہے اس کے سامنے کوئی اور نظریہ نہیں ٹھہر سکتا اللہ کریم اسباب پیدا فرما دیں گے اللہ کریم صحیح شعور عطا فرمائیں آخر میں انہوں نے ملکی سلامتی اور بقائی اجتماعی دعا بھی فرمائی۔

سانحہ آرمی پبلک سکول پر دل آج بھی خون کے آنسو رو رہا ہے، چوہدری نثار احمد گجر

132 طلباء سمیت 144 شہداء کو سلام پیش کرتے ہیں، شہباز علی قادری





نارنگ منڈی (میاں معظم سے) سانحہ آرمی پبلک سکول پر دل آج بھی خون کے آنسو رو رہا ہے یہ کبھی نہ بھولنے والا سانحہ ہے 144 طلباء اور اساتذہ کو بے دردی سے شہید کیا گیا 16 دسمبر 2014 کے اس غمناک واقعے پر انسانیت بھی شرمائی ہے قوم یہ سیاہ ترین دن کبھی نہیں بھولے گی ان خیالات کا اظہار تحریک منہاج القرآن پی پی 136 کے صدر چوہدری نثار احمد گجر اور ناظم شہباز علی قادری نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ ایسے ناقابل فراموش واقعات پر قوم کے زخم ہمیشہ تازہ رہتے ہیں 132 طلباء سمیت 144 شہداء کو سلام پیش کرتے ہیں دہشتگردوں کی امن دشمن کوششیں کبھی کامیاب نہیں ہو سکتیں قوم ہمیشہ سیسہ پلائی ہوئی دیوار بن کر ایسی بزدلانہ کارروائیوں کا ڈٹ کر مقابلہ کرے گی آرمی پبلک سکول سمیت دہشتگردی کے خلاف جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے سب شہداء کو سلام پیش کرتے ہیں۔

سول سروسز اکیڈمی لاہور کے ایک وفد کا ہڑپہ میوزیم کا دورہ

نوادرات دیکھے اور 5 ہزار سال پرانی تہذیب کے کھنڈرات کا مشاہدہ کیا



ساہیوال (مہر اے ڈی سیم سپرا سے) سول سروسز اکیڈمی لاہور کے ایک وفد کا ہڑپہ میوزیم کا دورہ۔ ارکان نے میوزیم میں رکھے گئے نوادرات دیکھے اور 5 ہزار سال پرانی تہذیب کے کھنڈرات کا مشاہدہ کیا۔ ڈائریکٹر آرکیالوجی محمد حسن اور کیوریٹر ہڑپہ میوزیم احمد نواز ٹپو نے وفد کے ارکان کو ہڑپہ تہذیب کے پس منظر اور یہاں سے دریافت ہونے والی اشیاء بارے تفصیلی بتایا۔ وفد کے ارکان نے ان تاریخی اشیاء کی دیکھ بھال پر محکمہ آرکیالوجی کی کارکردگی کو سراہا اور توقع ظاہر کی کہ محکمہ آرکیالوجی ہڑپہ تہذیب کو پوری دنیا میں روشناس کرانے کے لئے بھی عملی اقدامات اٹھائے گا۔

جھنگ: ضلع بھر میں انسداد پولیو مہم پہلے روز جاری رہی

پولیو مہم کی کڑی نگرانی کریں، ٹیموں کی ورکنگ اور کارکردگی کا جائزہ لیں، ڈپٹی کمشنر



جھنگ (بیورو رپورٹ) ضلع بھر میں انسداد پولیو مہم پہلے روز جاری رہی۔ 2343 پولیو ٹیمیں گھر گھر پولیو ویکسین پلا رہی ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے ضلع کی چاروں تحصیلوں کے اسسٹنٹ کمشنرز کو ہدایات جاری کی ہیں کہ وہ پولیو مہم کی کڑی نگرانی کریں، ٹیموں کی ورکنگ اور کارکردگی کا جائزہ لیں اور مختلف علاقوں کا دورہ کر کے پولیو ویکسین پلانے کی تصدیق کیلئے بچوں کی انگلیوں پر نشانات بھی چیک کریں۔ بچوں کو پولیو ویکسین کے قطرے پلانے کا سو فیصد ٹارگٹ مکمل کریں۔ مہم کے اختتام تک اہداف کے حصول کے لئے کمربستہ رہیں اور کارکردگی رپورٹ سے مسلسل آگاہ رکھا جائے۔ انہوں نے والدین سے اپیل کی کہ وہ اپنے بچوں کو عمر بھر کی معذوری سے محفوظ رکھنے کیلئے پولیو کے دو قطرے ہر صورت پلوائیں۔ ڈپٹی کمشنر نے مزید کہا کہ وہ از خود مختلف ٹرانزٹ پوائنٹس پر پولیو ٹیموں کی موجودگی، ویکسی نیشن ریکارڈ سمیت وہاں موجود افراد و دیگر راہ گیروں سے پولیو ٹیموں کی ورکنگ کا جائزہ لیں گے۔ مزید برآں پولیو مہم کے پہلے روز محکمہ صحت کے افسران نے ٹیموں کی نگرانی کیلئے فیلڈ وزٹس کیے اور مختلف علاقوں کا دورہ کر کے بچوں کو پولیو قطرے پلائے۔

کنگن پور نکے تھانے دار ظفر کی پھرتیاں! شہری قیمتی سامان سے محروم

جعلی ریکوریاں چالان تیار ملزمان آزاد، متاثرہ شہری کی ڈی پی او قصور سے فوری نوٹس کی اپیل



الہ آباد (نامہ نگار) کنگن پور نکے تھانے دار ظفر کی پھرتیاں جعلی ریکوریاں چالان تیار ملزمان آزاد ڈی پی او قصور سے فوری نوٹس کی اپیل تفصیلات کے مطابق تھانہ کنگن پور کی حدود میں ماہ اپریل میں بانی عوامی پریس کلب ڈسٹرکٹ قصور میاں شاھد جٹ کے بہنوئی محمد یوسف سکنہ لوحلے راجوتاں کے ساتھ ڈکیتی کی واردات ہوئی جس میں دو عدد موبائل فون ہونڈا 70 موٹر سائیکل 24 ماڈل نقدی چھین لی جس پر مقدمہ نمبری 438 / 24 بجرم 392 ت پ درج ہوا تفتیشی افسر ظفر اے ایس آئی سے مدعی نے متعدد بار رابطہ کیا مگر نکا تھانے دار ظفر اقبال صرف تسلیاں دیتا رہا مدعی مقدمہ نے ڈی پی او قصور عیسی خان سے اور مدعی محمد یوسف کی جعلی گواہی ڈال کر ملزم کو چالان بھی کر دیا ہے ملزم نامکمل ناقص تفتیش کا فائدہ اٹھا کر جیل سے باہر بھی آ چکا ہے مدعی مقدمہ اور عوامی سماجی حلقوں نے اس صورت حال پر شدید تشویش کا اظہار کیا ہے۔ ڈی پی او قصور سے گذارش ہے صورت حال پر فوری نوٹس لیں اور مذکورہ اے ایس آئی ظفر اقبال کے خلاف تادیبی کاروائی کی جائے اور سائل کا مکمل سامان تفتیشی افسر سے واپس کروایا جائے

ایس اینڈ اے ایسوسی ایٹس کی جانب سے خان برادرز کو مبارکباد

خان برادرز کی ترقی کیلئے دعا گو ہیں۔ ملک شہباز احمد و شرکاء



سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) ایس اینڈ اے ایسوسی ایٹس کی جانب سے خان برادرز کے نئے فرنٹ آفس کی افتتاحی تقریب کے موقع پر پرتپاک خیرمقدم کیا گیا۔ اس موقع پر ایس اینڈ اے ایسوسی ایٹس کے نامزد امیدوار صدر چوہدری عرفان اللہ وڑائچ، سابق صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ ممبران کی فلاح و بہبود اور حقوق کیلئے ہمیشہ ہراول دستے کا عملی کردار ادا کرتے رہے ہیں۔ اب بھی سیالکوٹ بار ممبران کیلئے مفت طبی کیمپ کا انعقاد کیا گیا ہے جہاں پروفیشنل ڈاکٹرز مفت طبی ایشن شاہد میر، حسن سرفراز بھلی ، سیکرٹری جنرل ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ چوہدری راحت ندیم ونس، فیصل تیمور سیٹھی، میاں مرتضی حسن، علی الیاس ایڈووکیٹ، طاہر اختر قادری محمد رضوان قادری و توصیف چوہدری و شرکاء ایس اینڈ اے نے خصوصی شرکت کرتے ہوئے خان برادرز کو نئے آفس کے قیام پر پرتپاک خیر مقدم کرتے ہوئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔

جرم و سزا

سیالکوٹ بار کی فلاح و بہبود کیلئے پر عزم ہیں، رانا عادل خالد ایڈووکیٹ

انشاء اللہ کامیاب ہو کر وکلاء برادری کی خدمت کریں گے، امیدوار جائنٹ سیکرٹری بار

امیدوار جائنٹ سیکرٹری سیالکوٹ کی الیکشن کمپین کے دوران میڈیا سے گفتگو



سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ ممبران کی فلاح و بہبود اور حقوق کیلئے ہمیشہ ہراول دستے کا عملی کردار ادا کرتے رہے ہیں۔ اب بھی سیالکوٹ بار ممبران کیلئے مفت طبی کیمپ کا انعقاد کیا گیا ہے جہاں پروفیشنل ڈاکٹرز مفت طبی سہولیات کیساتھ شوگر بلڈ پریشر، ہیپاٹائٹس امراض سینہ و آنکھوں سمیت اہم ٹیسٹ بھی کر رہے ہیں۔ ان باتوں کا اظہار ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ کے انتخابات میں امیدوار جائنٹ سیکرٹری کے ووٹرز سپورٹرز نے دوران الیکشن کمپین میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ رانا عادل خالد ایڈووکیٹ ہائی کورٹس نوجوان قیادت ہے اور سیالکوٹ بار الیکشن میں جیت کر وکلاء کے حقوق کی بہترین پاسبانی اور فلاح و بہبود کیلئے عملی کاوشیں کریں گے۔

ہتھوڑے کے وار سے ایک شخص جان بحق اور تین خواتین زخمی، ملزم کی تلاش شروع

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) ہتھوڑے کے وار سے ایک شخص کو جان بحق اور تین خواتین کو زخمی کر دیا گیا وقوعہ سرگودھا روڈ ماچھیکے سٹاپ کے قریب واقع گھر میں پیش آیا بتایا گیا ہے کہ داماد نے گھر میں داخل ہو کر ہتھوڑے کے وار سے تمام افراد کو زخمی کیا ریسکیو اہلکاروں نے جاں بحق ہونے والے 80 سالہ یوسف کی لاش ڈیڈ ہاؤس منتقل کر دی جبکہ زخمیوں میں شامل 25 سالہ سدیہ فاروق، 22 سالہ ثانیہ فاروق اور 50 سالہ ارشد بی بی کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا پولیس نے ملزم کی تلاش شروع کر دی ہے۔

ڈی پی او آج میڈیا نمائندوں سے ملاقات کریں گے

چکوال (نمائندہ قوت) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال لیفٹیننٹ ریٹائرڈ احمد محی الدین کل دن 10.30 بجے تحصیل چکوال، تلہ گنگ، کلر کہار، چوآسیدن شاہ اور لاوہ کے تمام معزز پرنٹ و الیکٹرانک میڈیا عہدے داران/ممبران سے ڈی پی او آفس چکوال میں ملاقات کریں گے۔ پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا کے تمام ممبران کو شرکت کی دعوت دی جاتی ہے۔

محمد عمران خان بلوچ آل پاکستان واپڈا ہائیڈرو الیکٹرک ورکرز یونین جھنگ سرکل آفس کے چیئرمین منتخب ہو گئے

جھنگ (بیورو رپورٹ) ٹی اے فیلیکو جھنگ سرکل محمد عمران خان بلوچ آل پاکستان واپڈا ہائیڈرو الیکٹرک ورکرز یونین جھنگ سرکل آفس کے چیئرمین منتخب ہو گئے ہیں جنرل سیکرٹری خورشید احمد نے چیئرمین سرکل آفس کے چیئرمین منتخب ہونے کا باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔

گھنگ روڈ: مسلح ڈاکو شہری سے نقدی اور موٹر سائیکل چھین کر فرار

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) تھانہ سٹی اے ڈویژن کے علاقہ گھنگ روڈ پر شہری اکرم سے تین مسلح ڈاکو نقدی اور موٹر سائیکل چھین کر فرار ہو گئے جبکہ بتی چوک گوجرانوالہ روڈ پر بیکری کی دوکان پر ڈکیتی کی واردات میں دو مسلح ڈاکو ہزاروں روپے نقدی اور دو موبائل فون لوٹ کر فرار ہو گئے۔

چک پرنسب آباد: مخالف قبضہ گروپ نے کسان کے زرعی رقبہ پر دھاوا بول دیا

فصل کاٹ رہا تھا کہ اچانک مخالف گروپ حملہ آور ہو گیا، محمد اسحاق کی میڈیا سے گفتگو

پاکپتن (محمد عمران جنجوعہ) کے نواحی گاؤں چک پرنسب آباد میں زمین کے تنازع پر مخالف قبضہ گروپ نے کسان محمد اسحاق کے زیر کاشت زرعی رقبے پر دھاوا بول دیا محمد اسحاق نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا عرصہ دراز سے صوبائی حکومت کی جانب سے آرمی پٹہ کے تحت چھ ایکڑ زمین زیر کاشت ہے۔ وقوعہ کے روز اپنے بیٹے کے ہمراہ فصل کاٹ رہا تھا کہ اچانک مخالف گروپ محمد یار ولد منیر قوم نٹ، محمد بشیر ولد بخشایا بھٹہ محمد آصف ولد قاسم بھٹہ، ذاکر حسین ولد حسین سیال، محمد آصف ولد منیر نٹ، صبح صادق ولد بشیر جتالہ، اللہ دتہ ولد فاضل شیخ، محمد نعیم ولد سرور جتالہ اور 15 کس نامعلوم نے ڈنڈوں سوٹوں و آتشی اسلحہ ہمراہ ٹریکٹر حملہ آور ہو گئے۔ ملزمان نے بذریعہ ٹریکٹر کھڑی فصل گندم میں ہل چلانا شروع کر دیا اور ہمیں زدوکوب کرنا شروع کر دیا جس سے میرا بازو ٹوٹ گیا اور میرے بیٹے پر بھی تشدد کرتے رہے

ون وے کی خلاف ورزی کیخلاف آپریشن جاری ہے، محمد دانش محمود

ڈیوٹی اور اپنے فرائض میں کسی قسم کی کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی، ڈی ایس پی ٹریفک

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اوکاڑہ ڈی ایس پی ٹریفک محمد دانش محمود نے دیپالپور چوک کا معائنہ کرتے ہوئے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے ڈیوٹی پر موجود تمام افسران اور ملازمان کو ڈیوٹی کے بارے میں بریف کیا اور ان کو سمجھایا کہ کسی صورت بھی رونگ پارکنگ نہ ہونے دیں ڈی ایس پی محمد دانش نے تمام ٹریفک پولیس کے اہلکاران کو بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ ایڈیشنل آئی جی ٹریفک پنجاب کے احکامات کو مدنظر رکھتے ہوئے بہترین ٹرن آؤٹ کے ساتھ ڈیوٹی انجام دیں انہوں نے کہا کہ بہترین ڈیوٹی انجام دینے والوں کو انعامات سے نوازا جائے گا اور جو ملازمین غفلت لاپرواہی برتیں گے ان کے خلاف محکمانہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی

سانحہ اے پی ایس کے شہداء کو خراج تحسین پیش کرنے کیلئے تقریبات

بچوں نے شہداء کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے شمعیں روشن کیں اور درجات کی بلندی کیلئے دعائیں کیں

مصطفی آباد/للیانی (نمائندہ قوت فیصل خاں): سانحہ اے پی ایس کے شہداء کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے مختلف سکولز اور دیگر مقامات پر تقریبات کا اہتمام کیا گیا، بچوں نے شہداء کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے شمعیں روشن کیں اور شہدا کے درجات کی بلندی کیلئے دعائیں بھی کی گئیں۔ اس موقع پر طلبہ نے اس عزم کا اظہار بھی کیا کہ ہم پڑھ لکھ کر دشمن کو یہ پیغام دینا چاہتے ہیں کہ تو ہمارے حوصلوں کو نہ پہلے پست کر پایا ہے اور نہ اب کر پائے گا۔ معصوم شہداء کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے ملک بھر کی طرح مصطفی آباد کے مختلف سکولز اور مقامات پر تقریبات کا اہتمام کیا گیا جہاں پر بچوں نے معصوم طلبہ کی یاد میں شمعیں روشن کیں اور شہدا کے درجات کی بلندی کیلئے دعائیں بھی کی گئیں۔ اس موقع پر طلبہ نے اس عزم کا اظہار بھی کیا کہ ہم پڑھ لکھ کر دشمن کو یہ پیغام دینا چاہتے ہیں کہ تو ہمارے حوصلوں کو نہ پہلے پست کر پایا ہے اور نہ اب کر پائے گا۔

پاکستان ہماری امیدوں کا محور اور جائے پناہ ہے، ڈپٹی کمشنر

آرمی پبلک سکول پشاور کے بچوں، اساتذہ اور سٹاف نے بہادری سے مقابلہ کیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید نے کہا ہے کہ پاکستان ہماری امیدوں کا محور اور ہمارے لئے ایک جائے پناہ ہے پاکستان کے لئے ہم نے جو قربانیاں دی ہیں وہ قیامت تک یاد رکھی جائیں گی آرمی پبلک سکول پشاور کے بچوں، اساتذہ اور سٹاف نے بہادری سے دہشت گردوں کا مقابلہ کیا اے پی ایس پشاور کے ننھے طالبعلموں نے جام شہادت نوش کیا اور اس سانحہ نے پوری قوم کو یکجا کر دیا پوری قوم اپنے اداروں کے ساتھ کھڑی ہو گئی اور ہم نے اپنے عمل سے پوری دنیا کو یہ

روزنامہ ''قوت'' لاہور(7)17 دسمبر 2024

''قوت'' کلاسیفائیڈ

روزنامہ قوت

اشد ضرورت

اشتہارات ٹیکہ نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے صحیح و غلط ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے جائیں ہوسکے تو ٹائپ کئے جائیں اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-36360003

اعلان تعلقی

میں محمد اکبر ولد محمد مردانے ہوش وحواس میں اپنی مرضی سے حلفیاً بیان کرتا ہوں کہ میرے حقیقی والد مسمی محمد سرور ولد محمد مجمع سکنہ دانے والہ ٹوبہ تک 70 سال سے زائد عمری وجہ سے ذہنی طور پر کمزور ہیں اور کسی امر کا بھی درست فیصلہ کرنے کے قابل نہیں ہیں لہٰذا میرے والد کے نام پر جو بھی جائیداد ہے وہ میرے والد کی زندگی تک میرے والد کی ملکیت ہے اور میرے والد کی جائیداد میں میرا کوئی حصہ نہیں

الائیڈ کمیونٹی ہسپتال میں انفرسٹرکچر کی بہتری میں کیمنکا کا کردار قابل قدر ہے

صوبائی وزیر صحت

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا ویژن صحت کو عوام کی دہلیز پر پہنچانا ہے۔ ہماری نوجوان نسل پاکستان کو ترقی کی راہ پر گامزن کرسکتی ہے، پارلیمانی سیکرٹری برائے صحت رشدہ لودھی

کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی کے زیر اہتمام 44 ویں سالانہ انٹرنیشنل سائنٹفک کانفرنس کی افتتاحی تقریب سے خطاب

لاہور (خبر نگار) کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی کے زیر اہتمام 44 ویں سالانہ انٹرنیشنل سائنٹفک کانفرنس کی افتتاحی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی کی سینٹرل دائگناسٹک لیب کا بھی افتتاح کیا۔ تقریب کے مہمان خصوصی وزیر صحت پنجاب خواجہ سلمان رفیق جبکہ گیسٹ آف آنر پارلیمانی سیکرٹری برائے صحت رشدہ لودھی تھیں۔ اس موقع پر وائس چانسلر ایف جے ایم یو پروفیسر خالد مسعود گوندل، صدر کیمکانہ ڈاکٹر شہزاد خان، صدر کیمکا ڈاکٹر آصف

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 34



صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی میں سائنٹفک کانفرنس کے دوران یادگاری شیلڈ وصول کررہے ہیں

جنرل ہسپتال میڈیکل ایڈ و انٹرامالائف سپورٹ ورکشاپ، سینئر پروفیسرز کے لیکچرز

انسانی جان بچانا ہیلتھ پروفیشنلز کا اولین فریضہ ،والدین بچوں کی ڈرائیونگ پر نگاہ رکھیں، پروفیسر الفرید ظفر

ہیڈ انجری و جسمانی معذوری کو کنٹرول کرنے کیلئے سیفٹی معیار یقینی بنائیں، پروفیسر آصف بشیر / پروفیسر خالد محمود

لاہور، جنرل ہسپتال میں شعبہ جنرل سرجری کے زیر اہتمام ایڈوانس ٹراما لائف سپورٹ پر منعقدہ ورکشاپ کے شرکا کا مہمان خصوصی پرنسپل پروفیسر الفرید ظفر کے ہمراہ گروپ فوٹو

حفاظتی اقدامات کو اپنا کر حادثاتی اموات اور جسمانی معذوری کی شرح کو کنٹرول کیا جا سکتا ہے، اسی طرح اگر موٹر سائیکل سوار ہیلمٹ کا استعمال سو فیصد یقینی بنائیں تو ہیڈ انجری جیسے افسوسناک واقعات نہ ہونے کے برابر ہو جائیں گے لہٰذا یہ شہریوں کی بھی ذمہ داری ہے کہ وہ حادثے کی صورت میں زخمی کو جلد از جلد ہسپتال پہنچائے تاکہ بر وقت علاج شروع ہو سکے کیونکہ انسانی زندگی کو بچانا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 35

لاہور (خبر نگار) پرنسپل امیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر محمد الفرید ظفر نے کہا ہے کہ ٹریفک قوانین پر عملدرآمد اور تعمیراتی کام کے دوران

صدر مملکت آصف علی زرداری کی خیبر پختونخواہ کے ضلع کرک میں پولیو ورکرز پر حملے کی مذمت

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے خیبر پختونخواہ کے ضلع کرک میں پولیو ورکرز پر حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گرد ملک و قوم کے مستقبل کے دشمن ہیں، دہشت گرد پاکستان کے عوام کو صحت مند اور خوشحال نہیں دیکھنا چاہتے۔ اپنے بیان میں صدر مملکت نے حملے میں سکیورٹی اہلکار کی شہادت پر اظہار افسوس کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گرد ملک و قوم کے مستقبل کے دشمن ہیں، دہشت گرد پاکستان کے عوام کو صحت مند اور خوشحال نہیں دیکھنا چاہتے۔ آصف علی زرداری نے کہا کہ پاکستان کی عوام بڑھ چڑھ کر پولیو مہم میں حصہ لے۔

رمضان شوگر مل کیس، شہباز شریف اور حمزہ شہباز کیخلاف مقدمے کی سماعت ملتوی

لاہور (این این آئی) اینٹی کرپشن کورٹ نے وزیراعظم شہباز شریف اور ان کے بیٹے حمزہ شہباز کے خلاف رمضان شوگر مل کے مقدمے پر سماعت 23 دسمبر تک ملتوی کردی۔ مقدمے پر اینٹی کرپشن کورٹ کے جج کی عدم دستیابی کی وجہ سے کوئی سماعت نہیں ہو سکی۔ سابق وزیر اعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز عدالت کے روبرو پیش نہ ہوئے۔ وزیر اعظم شہباز شریف کی جگہ بھی ان کے نمائندے انوار حسین پیش ہوئے۔ یاد رہے کہ احتساب عدالت لاہور کے جج زبیر شہزاد کیانی نے وزیر اعظم شہباز شریف اور حمزہ شہباز کے خلاف رمضان شوگر مل ریفرنس کو اینٹی کرپشن کورٹ میں بھجوانے کا حکم دیا تھا۔

لاہور انتظامیہ نے جعلی مجسٹریٹ پیسے لیتے رنگے ہاتھوں پکڑا گیا

اسسٹنٹ کمشنر سٹی علی بابر رائے نے جعلی مجسٹریٹ کے خلاف مقدمے کا اندراج کروا دیا

لاہور (این این آئی) لاہور کی ضلعی انتظامیہ نے بڑی کارروائی کرتے ہوئے جعلی مجسٹریٹ دھر لیا۔ اسسٹنٹ کمشنر سٹی علی بابر رائے نے جعلی مجسٹریٹ کے خلاف مقدمے کا اندراج کروا دیا۔ علی ولد آصف نامی نوجوان شادی ہالز سے پیسے لیتے ہوئے رنگے ہاتھوں پکڑا گیا، جعلی مجسٹریٹ نے نجی شادی ہال کے مینیجر سے رقم وصول کی۔ نجی شادی ہال کے مالک نے جعلی مجسٹریٹ کے خلاف درخواست دی۔ ڈی سی لاہور کا کہنا ہے کہ شہری کسی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 40

ایوان صدر سے دینی طبقہ کیلئے کبھی کوئی خیر کی خبر نہیں آئی، سنی علما کونسل

دفاع صحابہؓ و اہل بیتؓ بل پر بھی صدر مملکت نے دستخط نہ کرا تمیزی سلوک کیا، مولانا حافظ حسین احمد

لاہور (این این آئی) صدر سنی علما کونسل لاہور و صوبائی ترجمان مولانا حافظ حسین احمد نے کہا ہے کہ ایوان صدر سے دینی طبقہ کیلئے کبھی کوئی خیر کی خبر نہیں آئی، رجسٹریشن معاملہ پر مدارس کی تقسیم نہیں چاہتے مگر ایک دوسرے کو برا بھلا کہنے سے گریز کرنا چاہئے، دفاع صحابہؓ و اہل بیتؓ بل پر بھی صدر مملکت نے دستخط نہ کرا تمیزی سلوک کیا۔ اپنے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ قومی اسمبلی اور سینٹ سے دفاع صحابہؓ و اہل بیتؓ بل پاس ہونے کے باوجود صدر مملکت نے دستخط نہیں کئے ہم مدارس کی تقسیم نہیں چاہتے۔ بل کو کام کرنے کی ضرورت

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 41

وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ کی مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما صدیق الفاروق کی نماز جنازہ میں شرکت

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات، نشریات، قومی ورثہ و ثقافت عطاء اللہ تارڑ نے پیر کو یہاں مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما صدیق الفاروق کی نماز جنازہ میں شرکت کی۔ صدیق الفاروق کی نماز جنازہ ایچ 11 قبرستان میں ادا کی گئی جس میں مسلم لیگ (ن) کی سینئر قیادت، سماجی شخصیات اور مرحوم کے اہل خانہ نے شرکت کی۔ اس موقع پر وفاقی وزیر اطلاعات نے صدیق الفاروق مرحوم کی ایمانداری، اصول پسندی اور سیاسی خدمات کو خراج عقیدت پیش کیا۔ انہوں نے مرحوم کے درجات کی بلندی اور لواحقین کے لئے صبر جمیل کی دعا کی۔

وزیراعظم کا کرک میں انسداد پولیو ٹیم پر دہشتگرد حملے اور پولیس اہلکار کی شہادت پر اظہار افسوس

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے خیبر پختونخوا کے ضلع کرک میں انسداد پولیو ٹیم پر دہشتگرد حملے، اور اس میں ایک پولیس اہلکار کی شہادت پر اظہار افسوس کرتے وزیراعظم کی زخمیوں کو فوری طبی امداد فراہم کرنے کی ہدایت کی ہے۔ اپنے بیان میں وزیراعظم نے کہا کہ پولیو کو پاکستان سے ختم کرنے کے لئے ہماری سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔ وزیراعظم نے کہا کہ قوم کو پولیو کے مرض سے پاک کرنے کے لیے سرگرم عمل پولیو ورکرز پر حملہ باعث تشویش ہے۔

ماموں، ممانی اور ان کے بیٹے کو قتل کے مجرم کو تین بار سزائے موت کا حکم

مجرم کی لاش تختہ دار پر اس وقت تک لٹکی رہے جب تک اس کی جان نہ نکل جائے، عدالت کا حکم

لاہور (این این آئی) لاہور کی سیشن عدالت نے جائیداد کے تنازعے پر ماموں، ممانی اور ان کے بیٹے کو قتل کرنے والے مجرم کو تین بار سزائے موت کا حکم دے دیا۔ ایڈیشنل سیشن جج سید نجف حیدر کاظمی نے تہرے قتل کا فیصلہ سنایا، جس میں جرم ثابت ہونے پر مجرم شان کو 3 بار سزائے موت اور مقتول کے ورثا کو 5 لاکھ روپے جرمانہ ادا کرنے کا حکم دیا گیا۔ عدالت نے حکم نامے میں کہا کہ مجرم کی لاش تختہ دار پر اس وقت تک لٹکی رہے جب تک اس کی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 42

سوات میں مکان کی چھت گرگئی، متعدد افراد زخمی

ملبے تلے دب کر 5 افراد زخمی، طبی امداد کی فراہمی کے لیے اسپتال منتقل کردیا گیا، ریسکیو حکام

سوات (این این آئی) خیبر پختونخوا کے ضلع سوات میں ایک مکان کی چھت گرنے سے متعدد افراد زخمی ہوگئے۔ ریسکیو حکام نے بتایا کہ مکان کی چھت گرنے کا افسوسناک واقعہ ضلع سوات میں مٹہ کے علاقہ بالاسور میں پیش آیا۔ حکام نے بتایا کہ واقعہ کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو رضا کار جائے حادثہ پر پہنچے اور امدادی کارروائیوں کا آغاز کردیا۔ ریسکیو اہلکاروں نے بتایا کہ مکان کی چھت گرنے سے ملبے تلے دب کر 5 افراد زخمی ہوئے جنہیں طبی امداد کی فراہمی کے لیے فوری طور پر اسپتال منتقل کردیا۔



راولپنڈی، رہنما پی ٹی آئی مسرت جمشید چیمہ اپنے وکلا کے ہمراہ ٹویٹر کے کیسز میں پیشی کے لئے اڈیالہ جیل کے باہر موجود ہیں

راجہ پرویز اشرف کا آرمی پبلک اسکول پشاور کے شہداء کو خراج عقیدت

نیشنل ایکشن پلان پر عملدرآمد کرکے آئندہ ایسے سانحات سے بچا جاسکتا ہے، سابق وزیراعظم

16 دسمبر 2014ء کا واقعہ ہماری تاریخ کا ایک دردناک دن ہے

لاہور (این این آئی) سابق وزیراعظم و پاکستان پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کے صدر راجہ پرویز اشرف نے آرمی پبلک اسکول پشاور کے شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہدائے اے پی ایس کی قربانیاں قومی تاریخ کا ناقابل فراموش باب ہیں، 16 دسمبر 2014ء کا واقعہ ہماری تاریخ کا ایک دردناک دن ہے، اے پی ایس کے معصوم

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 47

16 دسمبر کو ہمارے بچوں کو بے دردی سے شہید کیا گیا، بیرسٹر گوہر

شہید بچوں کے اہلِ خانہ اور پیاروں کا درد اور تکلیف کبھی ختم نہیں ہوسکتی، چیئرمین پی ٹی آئی

ہمارے ملک کو محفوظ رکھنے اور دہشت گردی کا مقابلہ کرنے والوں کو سلام پیش کرتا ہوں

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ 16 دسمبر کو دہشت گردوں نے ہمارے بچوں کو بے دردی سے شہید کیا تھا۔ اپنے بیان میں آرمی پبلک اسکول پشاور کے شہداء کی برسی پر اپنے خصوصی پیغام میں انہوں نے کہا ہے کہ اے پی ایس کی دسویں برسی ہمیں سیاہ دن کی یاد دلاتی ہے۔ بیرسٹر گوہر نے کہا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 48

عدالتیں سمجھتی ہیں کلائمیٹ فنانس کو بنیادی حق سمجھنا ہوگا، جسٹس منصور علی شاہ

سات سال میں موسمیاتی تبدیلیوں کے حوالے سے کوئی کام نہیں ہوا

یہ دیکھا نہیں گیا ریسورس ہے کہ نہیں، حکومت نے بھی فوکس نہیں کیا

لاہور (این این آئی) سپریم کورٹ کے سینئر جج جسٹس منصور علی شاہ نے کہا ہے کہ گزشتہ سات سال میں موسمیاتی تبدیلیوں کے حوالے سے کوئی کام نہیں ہوا، کیسز میں عدالتوں نے ہدایات جاری کیں لیکن گراؤنڈ پر کچھ نہیں ہوا۔ جسٹس منصور علی شاہ نے لاہور میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ فوڈ سیکیورٹی، ڈیزاسٹر مینجمنٹ، واٹر سیکیورٹی سمیت

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 46

وزیراعلیٰ مریم نواز کا سانحہ آرمی پبلک سکول کے شہداء کے لئے حرف عقیدت

سانحہ آرمی پبلک اسکول پشاور کو دس سال گزر چکے لیکن دکھ آج بھی زندہ ہیں

16 دسمبر 2014 کی سیاہ صبح ہر پاکستانی کے دل پر نقش ہے

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے سانحہ آرمی پبلک سکول کے شہداء کو حرف عقیدت پیش کیا اور کہا کہ سانحہ آرمی پبلک سکول پشاور کو دس سال گزر چکے لیکن دکھ آج بھی زندہ ہیں۔ 16 دسمبر 2014 کی سیاہ صبح ہر پاکستانی کے دل پر نقش ہے۔ دہشت گردوں نے 147 معصوم بچوں اور ان کے اساتذہ کو سفاکیت

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 45

سرکاری ملازم کو 18 سال سے پنشن نہ دینے کیخلاف درخواست پر چیف سیکرٹری کو ایک ماہ میں فیصلہ کرنے کا حکم

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے سرکاری ملازم کو 18 سال سے پنشن نہ دینے کے خلاف درخواست پر چیف سیکرٹری پنجاب کو ایک ماہ میں فیصلہ کرنے کا حکم دے دیا۔ ہائیکورٹ کے جسٹس عابد عزیز شیخ نے درخواست پر سماعت

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 49





یو ای ٹی ٹیچنگ سٹاف ایسوسی ایشن کے نومنتخب صدر ڈاکٹر محمد شعیب اور جنرل سیکرٹری ڈاکٹر تنویر کی فائل فوٹوز

آرمی پبلک سکول کے بچوں نے امن کے خواب کو حقیقت بنایا، چیئرپرسن سارہ احمد

دہشتگردی کے خلاف جنگ میں اے پی ایس کے معصوم بچوں کا کردار ناقابل فراموش ہے، پیغام

آج کے دن شہدائے اے پی ایس سے اظہار یکجہتی کرتے ہیں اور معصوم شہدا کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں

لاہور (این این آئی) چیئرپرسن چائلڈ پروٹیکشن بیورو اور ممبر صوبائی اسمبلی پنجاب سارہ احمد نے آرمی پبلک سکول پشاور کے شہداء کی برسی پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ 16 دسمبر کا دن معصوم بچوں کی عظیم شہادت اور قربانیوں کا دن ہے، معصوم بچوں کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ آرمی پبلک سکول کے شہدا نے پاکستان کے لیے قربانی کی نئی تاریخ رقم کی، آج کا دن ہمیں اتحاد، ہمت اور قربانی کے سبق کی یاد دلاتا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 50

پی ٹی آئی سے بات چیت کو جمہوری طریقے سے سرانجام دیا جائیگا، سینیٹر فیصل واڈا

اسلام آباد (این این آئی) سابق وزیر سینیٹر فیصل واڈا نے بات چیت سے آگے چلنے کو مسائل کا حل قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ پی ٹی آئی سے بات چیت سمیت دیگر جمہوری مسائل کو جمہوری طریقے سے ہی حل کیا جائیگا۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ 'ایکس' پر اپنے پیغام میں فیصل واڈا نے کہا کہ جیسے انہوں نے کوشش کی، امید ہے کہ آنے والے دنوں میں وزیراعظم اور بلاول کی ملاقات ہوگی۔



لاہور، صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق پاکستان کڈنی اینڈ لیور انسٹی ٹیوٹ میں یادگاری شیلڈ وصول کررہے ہیں

یو ای ٹی ٹیچنگ سٹاف ایسوسی ایشن کے سالانہ انتخابات تمام عہدیدار بلا مقابلہ منتخب

پروفیسر ڈاکٹر محمد شعیب صدر اور ڈاکٹر تنویر قاسم جنرل سیکرٹری منتخب

وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شاہد منیر کی ٹی ایس اے کی نومنتخب باڈی کو بلا مقابلہ کامیابی پر مبارکباد

لاہور (خبر نگار) یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی کی ٹیچنگ سٹاف ایسوسی ایشن کے سالانہ انتخابات میں تمام عہدیدار بلا مقابلہ منتخب ہوگئے، الیکشن کمیشنر پروفیسر ڈاکٹر ذوالفقار علی نے نوٹی فکیشن جاری کردیا، نوٹی فکیشن کے مطابق صدر پروفیسر ڈاکٹر محمد شعیب اور جنرل سیکرٹری ڈاکٹر تنویر قاسم ہونگے۔ جبکہ ڈاکٹر فہیم گوہر اعوان اور احمد نوید نائب صدور، ڈاکٹر محمد عثمان خاں جوائنٹ سیکرٹری، سوشل سیکرٹری ہدی ریاض، ٹریژرر ڈاکٹر رضوانہ حمید جبکہ 7 ایگزیکٹو ممبران میں ڈاکٹر اعجاز احمد، ڈاکٹر عرفان جلیس، ڈاکٹر راشد جلیل، ڈاکٹر قاسم

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 36

ایک ہی روز میں لرننگ و ریگولر لائسنس کی سہولت میں توسیع کا اعلان

14 ہفتوں سے جاری مہم سے 23 لاکھ سے زائد پاکستانی مستفید ہو چکے، مرزا فاران بیگ

لاہور (این این آئی) ایڈیشنل آئی جی ٹریفک پنجاب مرزا فاران بیگ نے موٹر سائیکل کے لائسنس پر ریلیف جاری رکھنے کا اعلان کر دیا۔ انہوں نے ایک ہی روز میں لرننگ و ریگولر لائسنس کی سہولت میں توسیع کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 51



وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین سے بیجنگ میں سینوپیک گروپ کے چیئرمین ملاقات کررہے ہیں

وزیراعلیٰ مریم نواز کے کامیاب دورہ چین پر خراج تحسین پیش کرنے کی قرارداد اسمبلی سیکرٹریٹ میں جمع

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے کامیاب دورہ چین پر خراج تحسین پیش کرنے کی قرارداد پنجاب اسمبلی سیکرٹریٹ میں جمع کرادی گئی۔ استحکام پاکستانی پارٹی کے رکن اسمبلی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 52

پرویز الٰہی سے متعلق درخواست پر نیب لاہور کو 2 لاکھ جرمانے کا تحریری فیصلہ جاری

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے سابق وزیر اعلیٰ پنجاب اور پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے صدر چوہدری پرویز الٰہی سے متعلق درخواست دائر کرنے پر قومی احتساب بیورو

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 53

لاہور پولیس کی جانب سے انسداد پولیو مہم کیلئے بہترین سیکیورٹی انتظامات

16 سے 22 دسمبر تک جاری رہنے والی انسدادِ پولیو مہم کے دوران سیکیورٹی ہائی الرٹ گی، سی سی پی او لاہور

بچوں کے مستقبل کو محفوظ بنانے کے لئے سرگرم ٹیموں کی حفاظت ہماری اہم ترجیح ہے، بلال صدیق کمیانہ

لاہور (کرائم رپورٹر/خبر نگار) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے پولیو کے مکمل خاتمے کے مشن کی تکمیل کے لئے لاہور پولیس نے انسداد پولیو ویکسینیشن مہم کیلئے بہترین سیکیورٹی انتظامات تشکیل دیئے ہیں، لاہور پولیس 6448 پولیو ٹیموں کو بھر پور سیکیورٹی فراہم کر رہی ہے۔ ترجمان لاہور پولیس نے بتایا کہ انسدادِ پولیو مہم کے دوران پولیو ورکرز 22 لاکھ بچوں کو گھر گھر جا کر ویکسین پلائیں گے۔ لاہور پولیس کے 381 اپر سبارڈینیٹس اور 1 ہزار سے زائد اہلکار پولیو ٹیموں کی سیکیورٹی پر مامور کئے گئے ہیں۔ لاہور میں 498 موٹر سائیکل دستے اور

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 37



پریسبیٹرین چرچ آف پاکستان کے ماڈریٹر ڈاکٹر مجید اسبل نے پاکستان میں انٹرفیتھ کے فروغ، بین المذاہب ہم آہنگی اور پاکستان کی ترقی و خوشحالی کے لیے خصوصی دعا کروائی جبکہ کرسمس کی مناسبت سے کیک بھی کاٹا گیا۔

پریسبیٹرین نولکھا چرچ آف پاکستان میں سالانہ کرسمس ظہرانہ

مختلف مکاتب فکر کے مشائخ اور مذہبی اقلیتوں کے نمائندگان کی شرکت

لاہور (خبر نگار) پریسبیٹرین چرچ آف پاکستان نولکھا چرچ میں ماڈریٹر ڈاکٹر مجید اسبل کی جانب سے سالانہ کرسمس ظہرانے کا اہتمام کیا گیا۔ تقریب میں مقدس زبور سے گیت جبکہ انجیل سے کلام پیش کئے گئے۔ پریسبیٹرین چرچ کے عہدیداران، ماڈریٹرز، چیئرمین کل مسالک علماء بورڈ مولانا محمد عاصم مخدوم، مفتی عاشق حسین،

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 54

وزیر تجارت جام کمال خان نے جھل مگسی جیپ ریلی کے فاتحین میں انعامات تقسیم کئے

ایسے ایونٹس مقامی ٹیلنٹ اور سیاحت کے فروغ کا ذریعہ ہیں اور ایسے مقابلے تواتر کے ساتھ جاری رہنے چاہئیں، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے جھل مگسی جیپ ریلی کے فاتحین میں انعامات تقسیم کئے۔ پیر کو وزارت تجارت کی طرف سے جاری بیان کے مطابق وفاقی وزیر جام کمال نے اپنے بیان میں کہا کہ جھل مگسی ڈیزرٹ جیپ چیلنج کامیابی سے اختتام پذیر ہوا جس سے شائقین کو دلچسپ مقابلے دیکھنے کو ملے۔ ریس میں نوابزادہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 55

کرک پولیو ٹیم پر حملہ میں گورنر خیبر پختونخوا نے اعلیٰ حکام سے رپورٹ طلب کرلی

پولیو ورکرز پر حملہ پاکستان اور انسانیت دشمن قوتوں کی سازش ہے، گورنر فیصل کریم کنڈی کا بیان

کرک (این این آئی) کرک پولیو ٹیم پر حملہ میں گورنر خیبر پختونخوا نے اعلیٰ حکام سے رپورٹ طلب کرلی۔ اپنے بیان میں فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ پولیو ٹیم پر حملہ انتہائی افسوسناک ہے، پولیو ٹیم پر حملہ میں پولیس اہلکار کی شہادت پر دلی افسوس ہوا، زخمی پولیو ورکر کو ہر ممکن علاج کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ پولیو ورکرز پر حملہ پاکستان اور انسانیت دشمن قوتوں کی سازش ہے۔

حکومت کے ابتدائی 8 ماہ میں قرضوں میں اضافے کی تفصیلات سامنے آگئیں

مارچ سے اکتوبر 2024 تک وفاقی حکومت کے قرضے میں 4 ہزار 304 ارب روپے کا اضافہ

اسلام آباد (این این آئی) شہباز حکومت کے ابتدائی 8 ماہ میں قرضوں میں اضافے کی تفصیلات سامنے آگئیں، مارچ سے اکتوبر 2024 تک وفاقی حکومت کے قرضے میں 4 ہزار 304 ارب روپے کا اضافہ ہوا۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے جاری کردہ دستاویز کے مطابق مارچ سے اکتوبر 2024 کے دوران وفاقی حکومت کا قرضہ 4 ہزار

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 57

ایس آئی ایف سی کی معاونت سے پاکستان میں مہنگائی کی شرح میں نمایاں کمی

معاشی حالات میں بہتری کے باعث نومبر 2024 میں شرح کم ہو کر 9.4 فیصد پر آ گئی

لاہور (این این آئی) خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل کی معاونت سے پاکستان میں مہنگائی کی شرح میں نمایاں کمی ہوگئی اور شرح ساڑھے 6 سال کی کم ترین سطح پر آ گئی۔ معاشی حالات میں بہتری کے باعث نومبر 2024ء میں شرح کم ہو کر 9.4 فیصد پر آ گئی، سال کے پہلے 5 ماہ میں اوسط شرح 28.62 فیصد سے کم ہو کر 7.88 فیصد پر آ گئی۔

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 59

بانگ کانگ کے دور افتادہ جزیرے میں جنگی دور کے آثار کی تلاش

بانگ کانگ (شِنہوا) سردیوں کی ایک صبح 78 سالہ چھن کائی شن چھیونگ چھاؤ میں سیاحوں کے ہجوم میں کھڑی تھی۔ چھن اپنا جوش و خروش نہ چھپا سکی اور کہا کہ 'دیکھیں چھیونگ چھاؤ کتنا مقبول ہے۔ اس کا دوسرا رخ بھی لوگوں کو معلوم ہونا چاہئے۔ بانگ کانگ کا چھیونگ چھاؤ ایک مشہور سیاحتی مقام ہے جو اپنے روایتی بن فیسٹول سے جانا جاتا ہے۔ مصروف مرکز سے اس جزیرے تک کشتی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 60

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
منیجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر	چوہدری عمران خوکت
ڈپٹی ایڈیٹر	محمد شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔
آفس نمبر 2 اباسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور

اطلاع برائے نمائندگان

روزنامہ قوت لاہور ABC CERTIFIED

تمام نمائندگان کو مطلع کیا جاتا ہے کہ **یوم قائد** اور **نئے سال** کی مبارک باد کے ایڈیشن، تصاویر اشتہارات **22 دسمبر 2024** تک روزنامہ قوت لاہور آفس میل کردیں تاکہ بہترین کورتج کے لئے ترتیب دی جائیں۔

انچارج بیوروز

Daily Quwat786@gmail.com
0302-9818909

چین میں جاپانی کمپنیوں نے وسیع مواقع کی تلاش میں سرمایہ کاری بڑھا دی

ایک نئے کارخانے میں ایئر کنڈیشنرز اسمبلی لائنز سے تیزی سے نکلتے ہیں

گوانگ ژو (شِنہوا) چین کے جنوبی صوبے گوانگ ڈونگ میں واقع ایک نئے کارخانے میں ایئر کنڈیشنرز اسمبلی لائنز سے تیزی سے نکلتے ہیں تو اسی دوران روبوٹ مصنوعات کی نقل و حمل کرنے والے راستے سے گزرتے ہیں۔ یہ کارخانہ جاپانی شہر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 62

سوئی ناردرن کی جانب سے موسم سرما میں صارفین کو گیس کی فراہمی یقینی بنانے کا عزم

معزز صارفین کو گیس کے پریشر کے حوالے سے کوئی مسئلہ درپیش ہو تو فوری حل کے لیے 1199 پر کال کریں

لاہور (صدف الطاف) ایس این جی پی ایل موسم سرما کے دوران صارفین کو گیس کی مسلسل فراہمی خاص طور پر زیادہ طلب کے اوقات میں یقینی بنائے ہوئے ہے۔ اس سلسلے میں تمام ممکنہ اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ مزید برآں، گیس مناسب پریشر کے ساتھ فراہم کی جا رہی ہے اور کچھ ٹیل اینڈ (Tail End) کے علاقوں کے علاوہ کہیں کم پریشر کا مسئلہ درپیش نہیں ہے۔ صارفین سے درخواست ہے کہ وہ گیس کمپریسر کے استعمال

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 39

چینی مصنوعات پر امریکی ٹیکس بڑھانے کی چین مخالفت کرتا ہے، وزارت تجارت

بیجنگ (شِنہوا) چینی وزارت تجارت (ایم او سی) نے کچھ چینی مصنوعات پر امریکی دفعہ 301 کے تحت ٹیکس میں اضافے کی مخالفت کو دہرایا ہے۔ امریکی تجارتی نمائندہ دفتر نے اعلان کیا تھا کہ چین سے کچھ ٹنگسٹن مصنوعات، ویفرز اور پولی سلیکون کی درآمدات پر دفعہ 301 کے تحت ٹیکس میں اضافہ کردیا جائے گا۔

بنگلہ دیش میں چینی گانوں کا مقابلہ عوامی دوستی کا اظہار

ڈھاکہ (شِنہوا) بنگلہ دیش میں چینی گلوکاری کے پہلے مقابلے "چینی نغمے" کا آخری مرحلہ اور ایوارڈ دینے کی تقریب بنگلہ دیش سول سروس ایڈمنسٹریشن اکیڈمی (بی سی ایس اے اے) میں منعقد ہوئی۔ چین بنگلہ دیش دوستی کو آگے بڑھائیں، خوبصورت چین کے گن گائیں'' کے موضوع پر منعقدہ اس تقریب میں چینی اور غیر چینی گروپوں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 56

جنوبی کوریا کی آئینی عدالت کا صدر یون سوک-یول کے مواخذے کے مقدمے کو ترجیح دینے کا اعلان

سیئول (شِنہوا) جنوبی کوریا کی آئینی عدالت نے کہا ہیکہ وہ صدر یون سوک-یول کے خلاف قومی اسمبلی کی جانب سے گزشتہ ہفتہ کے روز منظور کئے جانے والے مواخذے کی تحریک کو برقرار رکھنے یا مسترد کرنے کے بارے میں فیصلہ کرنے سے متعلق مقدمہ کو ترجیح دے گی۔ عدالت کے ترجمان نے سوموار کے روز ایک ٹیلی ویژن پریس کانفرنس میں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 58

ویمن یونیورسٹی، پہلی دو روزہ بین الاقوامی ادبی کانفرنس 2024ء شروع ہوگئی

افتتاحی سیشن کی صدارت کے فرائض رئیس جامعہ پروفیسر ڈاکٹر کلثوم پراچہ نے سرانجام دیئے

ملتان (خبر نگار) ویمن یونیورسٹی کے شعبہ اردو کے زیر اہتمام پہلی دو روزہ بین الاقوامی ادبی کانفرنس 2024ء شروع ہوگئی ترجمان کے مطابق کانفرنس کے افتتاحی سیشن کی صدارت کے فرائض رئیس جامعہ پروفیسر ڈاک